بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلام میں خواتین کے حقوق پر جدید زاویہ نظر

پیش لفظ کے بہانہ :

اسلام کی نظر میں عورت کی سماجی اور انفرادی شخصیت تنگ نظر گذشتہ تفریطی جاهلیت اور موجودہ افراطی جاهلیت کے درمیان ایک نقطہ نظر عورت کے حدود سے کهیں زیادہ هے کہ نہ یہ اور نہ هی وہ بلکہ اسلام نے مرد و عورت دونوں هی کے لئے حقوق معین کئے هیں کہ ان سب کو عدالت سے برابر سے فیضیاب کرتا هے. (وَ لَهُنَّ مِثْلُ الَّذي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوف) (سورہ بقرہ، آیت/۲۲۸)عورتوں کے لئے بهی وهی هے جو ان کے لئے هے. جس طرح عرف (انسانی اور اسلامی) میں معروف هے. اس کے بعد (وَ لِلرِّجالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ)صرف شائستہ رجوعی درجہ کو شامل هے جو طلاق رجعی میں هوتا هے اور بس، بنابریں مرد اور عورت دونوں کے حقوق سو فیصد عادلانہ هیں نہ یہ کہ ان کے حقوق میں تشابہ مکلق پایا جاتا هو بلکہ بعض ان میں سے هر ایک اپنا ایک مخصوص حقوق رکهتے هیں. بهرحال اسلامی کی شریعت حقہ میں ان میں سے هر ایک کمی و زیادتی کے بغیر شائستہ حقوق کے مالک هیں.

قرآن کریم میں دقیق اور منصفانہ تحقیق اور بررسی کر کے هم کو یہ اندازہ هوتا هے کہ اصولی طور پر عورت اور مرد میں سے هر ایک ، ایک دوسرے کا جزو اور انسانیت میں دونوں هی برابر هیں. (بَعْضُكُمْ مِنْ بَعْض) (سورہ نساء، آیت/۲۵) عورتوں کے سلسلہ میں قرآن کریم کا نظریہ نہ ماضی کی جاهلیت کی طرح هے کہ انسان کو نهیں پهچانتی تهی اور نہ مودہ جاهلیت کی طرح هے کہ اُسے مرد سے برتر تصور کرتی هے . بلکہ دونوں هی ایک پیکر اور جسم کے اعضاء و ٹکڑے هیں کہ آغاز خلقت میں ایک گوهر سے تعلق رکهتے هیں (يا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ واحِدَةٍ وَ خَلَقَ مِنْها زَوْجَها) (سورہ نساء، آیت/۱) کہ عورت اپنی ابتدائی تخلیق میں مرد کا بعض حصہ رهی هے اور اس کے جسم سے پیدا هوئی هے. آخری سالوں میں ایک روحانی نے مختلف نشریات کو انٹر ویو دیتے هوئے اس بات کا اظهار کیا هے کہ (خَلَقَ مِنْها زَوْجَها) حرف (من)جنس کے معنی میں هے اور آیت میں (من) بنصیفیہ کے معنی کو قبول نهیں کرتے اور حضرت حو ا ؑ کے حضرت آدم ؑ کے جسم سے پیدا هونے کو (اسلامی روایات میں بهی اس کی تصریح هوتی هے) قبول نهیں کرتے اور «بشارت» نشریہ، شمارہ ۲۶، ص۷، پر کهتے هیں: یہ باتیں قرآن اور وحی کے خلاف هیں لهذا ان کو مردود جاننا چاهیے. آیات قرآنی اور آئمہ معصومینؑ کی روایات کے مطابق اور همارے معیاروں کے مطابق ایک شکستہ کوزے کے سوا کچھ نهیں هے!!، اس کے بعد مرحوم مطهری کی باتوں سے استناد کرتے هوئے کهتے هیں: یہ باتیں تحریف شدہ توریت میں ذکر هوئی هے اور جهوٹ هے!!، یاد رهے کہ اسی شخص نے دوسری جگہ پر اعلان کیا هے کہ (مرد اور عورت کا رتبہ برابر هے!!) هم یهاں پر اس کا جواب دیتے هیں کہ اولا ً کو عربي اور قرآنی ادب کے مطابق آیہ مبارکہ میں (من) کے اصل نفی جنس کے هیں کہ آیت بصورت (خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ) (واحدہ) کے بغیر نازل هوئی یعنی (نفس) نکرہ هوتا تو مرد اور عورت دونوں کو شامل هوتا یعنی سارے نفسوں کو شامل هوتا جبکہ صفت (واحدہ) سے موصوف هے. بنابر این آیہ کریمہ اس بات پر نص هے کہ (نفس) وحدت رکهتا هے اور جنس کے معنی میں نهیں هے.

ثانیاً «نفس» پر (ال) الف لام بهی نهیں آیا هے تاکہ نفس کے جنس هونے کا موجب هو سکے؛ثالثاً عورت کی جنسیت میں کہ انسان هے، کوئی شک نهیں هے اور یہ بات مکمل واضح اور معلوم هے . اور قران مجید نے بهی اُس کی یاد آوری نهیں کی هے، تاکہ بالفرض (من) مذکورہ بالا آیت میں جنس هو! رابعاً معمولی غورو حوض کرنے سے آیات قرآن کریم میں هم اس واقعیت کو جان لیں گے کہ (نفس واحدہ)سورہ نساء کی پهلی آیت میں حضرت آدم ؑ هیں. چناچہ قرآن کریم کی ۵، آیات انسان کے آغاز تخلیق کو خاک جانتی هیں اس کے بعد سورہ آل عمران کی ۵۹، آیت میں ارشاد هوتا هے (إِنَّ مَثَلَ عيسى عِنْدَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ خَلَقَهُ مِنْ تُراب) قرآن مجید میں نازل شدہ ۸، آیات قطعی اور حتمی طور ثابت کر رهی هیں کہ (نفس واحدہ) سورہ نساء کی پهلی آیت میں حضرت آدمؑ هیں.

۲۔ بنابر این حضرت حوّاؑ کا حضرت آدمؑ کے جسم کے بعض حصوں سے خلق هونا عین وحی قرآنی اور ائمہ معصومینؑ کی روایات هیں. خواہ توریت میں آئی هوں یا نہ آئی هوں.

لیکن آیات (الحر بالحر) اور (الانثی بالانثی) اور دیگر آیات کی بنیاد پر یقیناً، مرد اور عورت کا دیہ فرق کرتا ھے اور اس کی مقدار بھی سنت قطعیه کے مطابق جدا گانه اسی طرح معین کی گئی ھے که مرد کا دیه هزار مثقال سونا اور عورت کا دیه ۵ ، توا مثقال سونا ھے، اس طرح مراجع کا فتوای ھے که (اعدلو هو اقرب للتقوی) کے مطابق عورتوں کے دیه اور اور اس کی میراث کا مردوں کے برابر هونا عدل کے مطابق اور عدم مساوات ظلم ھے. کیا نص قرآن ان دو جهتوں میں عدم مساوات میں ظلم ھے!!

بنابر این هم ان لوگوں کو جو نحو و صرف اور عربی ادب میں دقت نهیں کرتے اور اور قرآن و سنت کی عبارت کو نظر انداز کرتے هیں اور مرجعیت کے دعویدار بھی هیں اور توضیح المسائل بھی لکھ ڈالی ھے، نصیحت کرتے هیں که کبھی بھی آیات قرآن اور روایات اهلبیتؑ کے بارے میں لاپرواهی کے ساتھ نظریه نه دیں اور قرآن و سنت کی طرف جھوٹی نسبت نه دیں اور اس فاش غلطی کی وجه سے استغفار کریں.

بالآخر یه جاننا چاهیے که کتاب و سنت کے احکام میں قطعی کسی حکم کا انکار بدعت ھے یهاں تک که سوره مائده ۴۴، ۴۵ اور ۴۷ویں آیات کے مطابق جو شخص بیان حکم کے موقف میں واقع هو تو (بما انزل الله) کے مطابق وه بهت بڑا کافر، ظالم اور فاسق هوگا. اب دیکھنا یه ھے که کون شخص کتاب اور سنت کے خلاف نظریه دیتا ھے

اگرچه تاریخ بشریت میں ساری ولادتیں عورت سے هیں که اس کے بغیر مرد کے لئے تولید نسل ممکن هی نهیں ھے لیکن شوهر کے بغیر عورت کے لئے تولید نسل کا ایک بار واقعه هوا ھے که حضرت عیسیؑ مرد کے بغیر حضرت مریم سے پیدا هوئے هیں. لیکن مردوں کے لئے کبھی ایسا اتفاق نهیں هو گا اور قرآن کریم بھی مشرکوں، خیال پرداز یهودیوں اور عیسائیوں کے جواب میں جو اپنے غلط خیال کے ساتھ خدائے سبحان کو صاحب اولاد تصور کرتے هوئے فرماتے هیں: (أَنَّى يَكُونُ لَهُ وَلَدٌ وَ لَمْ تَكُنْ لَهُ صاحِبَة) (سوره انعام، آیت/۱۰۱) کهاں سے اسے فرزند هو گا جبکه اس کی کوئی بیوی نهیں ھے؟اسی طرح استقرار نطفه کے بعد حمل، ولادتوں کی تکلیفیں برداشت کرنا اور اس کے بعد فرزند کی تربیت عورت سے مخصوص ھے. اسی بنیاد پر قرآن کریم کی روشنی میں ماں کا مرتبه باپ سے کئی گنا زیاده ھے که (وَ وَصَّيْنَا الْإِنْسانَ بِوالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْناً عَلى وَهْنٍ وَ فِصالُهُ في عامَيْن) (سوره لقمان، آیت /۱۴)اور هم نے انسان کو ماں اور باپ سے کے سلسله میں تاکید کی ھے. {بالخصوص ماں اسے اپنے شکم میں (رکھتی) اور ولادت کے بعد اپنی آغوش میں مشکلات کے ساتھ اسے حمل کیا اور آخر میں اور آخر میں شیر خوارگی کے دو سال اُس سے جدایی پذیر ھے، که خود کفا هو اگرچه ابھی بھی ماں کی ضرورت محسوس هوتی ھے.لیکن دور جاهلیت میں عورتوں پر بے شمار ناروات مظالم ڈھائے گئے هیں اور عورتوں سے مخصوص احکام بیان کرنے میں صرف اور صرف قرآن میں سوره نساء نظر آتا ھے نه سوره رجال. اگرچه مجموعی طور پر قرآن میں سوره انسان ھے جو دونوں کو شامل ھے لیکن روحانی اور معنوی لحاظ سے ان دونوں کے درمیان کوئی برتری نهیں ھے بلکه هر ایک تنها تنها اپنے برے اور اچھے کردار کی سزا اور جزا پائے گا. (وَ مَنْ يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحاتِ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثى وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّة) (سوره نساء، آیت/ ۱۲۴)جو بھی نیک اعمال انجام دے گا (خواه مرد هو یا عورت) وه مومن ھے اور وه لوگ جنت میں داخل هوں گے. اور (إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَتْقاكُم) خدا کے نزدیک عزیز اور محترم (اور بس) لیکن جسمانی اور معاشرتی لحاظ سے هر ایک کے مخصوص خصوصیات هیں.

میراث:

مثلاً میراث کے باب میں ایسا لگتا ھے که مرد کی میراث عورت کی میراث کے دو گنا ھے.(ماں اور باپ کے علاوه هر ایک کے لئے اولاد کے مال کا (۱/۲) حصه ھے ا س شرط کے ساتھ که مورث کی کوئی اولاد نه هو ورنه ماں ،باپ کے دو گنا میراث لے گی اور ایک باپ یا ایک ماں سے بھائی اور بهنیں نص قرآن کے مطابق میراث میں برابر هیں.

جبکه مرد مخصوص معاشی حالات اور فرائض کی وجه سے مرد کا عورتوں کے دو برابر ھے، چناچه عورت کا باپ، شوهر اور فرزند کے گھر میں نان و نفقه ان لوگوں کی ذمه ھے، که تینوں هی حالت میں عورت نفقه لینے والی ھے. اور مردان تمام حالات میں(نفقه دینے والا ھے)نتیجه کے طور پر مرد کا دو گنا میراث کا حصه اضافات کے ساتھ خود عورتوں کے لئے مصرف هو. لیکن شرع مقدس اسلام کی روشنی میں عورت کا حصه شوهر یا دوسروں پر خرچ کرنا لازم نهیں ھے. لیکن مردوں کی ذمه داری ھے که عورتوں اور دیگر افراد کا اداره کریں اور هم

دیکھتے ھیں کہ شارع حکیم مردویں کے ذمہ مالی ذمہ داریاں حوالے کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے لئے میراث میں ایک مالی میراث کا بھی قائل هوا ھے. کیا یہ کہا جا سکتا ھے کہ یہ ناانصافی اور ظلم ھے؟ (چناچہ بعض شریعت دان حضرات نص قرآن کے خلاف اس کے قائل ھوئے ھیں اور ان کے میراث میں برابری پر اصرار کرتے ھیں.)البتہ تعض استثنائی (ایمرجنسی) جیسے مواقعوں پر کوئی بیوی، بیٹا یا بیٹی یا دوسرے ورثاء زیادہ زیادہ احتیاج رکھتے ھوں تو مورث کو (۱/۳) مال سے اپنی وصیت کے ذریعے مال سے تلافی کی جائے اور مورث ۱/۳ مال سے زیادہ میں وصیت کرنے کا حق نہیں رکھتا یا یہ کہ اپنے مرنے سے پہلے ھی مورث کی وارث یا ورثا کے علاوہ کسی شخص کو بخش دے ایسی بخشش باطل اور لینے والا ضامن اور غاصب ھے اور اسے محتاج ورثا کو مال واپس کر دینا چاھیئے. البتہ ھم نے کتاب کے پہلےحصہ کے آخر میں اسی سلسلہ می استفتا کا جواب دیتے ھوئے اس حکم شرعی کے بارے میں ادلہ فقھی قرآنی کو بیان کریں گے.

عورت کی میراث میں جو دوسری کمی نظر آتی ھے، وہ تعداد زوجات کے سلسلہ میں ھے کہ مرد ساری بیویوں سے۱/۴ یا نصف میراث پائے گا.لیکن چار بیویاں مرد کے مال سے۱/۴ یا ۱/۸ حصہ اپنے درمیان تقسیم کریں گی. مثال کےطور پر اگر کوئی شخص چار بیویاں رکھتا ھو اور ھر ایک بیوی سے چار ملیون تومان (۴۰ لاکھ تومان) باقی بچے ھوں (جب کوئی فرزند نہ رکھتا ھو) تو ھر ایک سے دو ملیون تومان کہ مجموعاٍٍٍ ۸ملیون (۸۰ لاکھ) تومان بطور میراث پائے گا لیکن مرد کی ۴۰ لاکھ تومان میراث سے ھر بیوی(فرزند نہ ھونے کی صورت میں) ڈھائی لاکھ تومان بطور میراث یعنی ۱/۸ حصہ پائے گی. لیکن مذکورہ نادو فرض کی صورت میں بھیاس مرد کا ادا کرنا جو اتنی بیویاں رکھتا ھو عورت سے بھت زیادہ ھے. نیز صرف وھی مرد متعدد عورتوں سے شادی جس کی مالی توانائی اس کی عدالت سے بھت زیادہ ھو اور اس سنگین عیال پر خرچ کرنے کے لئے کافی ھو، لیکن فقید مرد متعدد عورتوں سے شادی نہیں کرسکتا کیونکہ مادی لحاظ سے عدالت باقی رکھنے کے لئے توانائی نہیں رکھتا ھاں اگر بعد کی بیویاں خود مالی توانائی رکھتی ھو ں اور ایسے نادار انسان کے ساتھ شادی کرنے پر راضی ھوں اور سابقہ اور سابقہ بیوی یا بیویوں پر ظلم بھی نہ ھو.

بالآخر یہ تعدد ازدواج خود ھی دولتمندوں کی دوسروں کےدرمیان دولت تقسیم کرنے کے اسباب میں سے ھے اور مرد کو محتاج تر بناتی ھے اور کچھ بے سرپرست عورتوں کو زیر سرپرستی قرار دیتا ھے. دوسری جھت سے بھی عام طور پر متعدد بیویاں چندان میراث نہیں رکھتیں، بلکہ ضرورت مند ھیں. اسی لئے ایسے ازدواج کے لئے آمادہ ھو جاتی ھیں، بنابر این ان کے مرنے پر مرد کو کوئی مناسب چیز ھاتھ نہیں لگے گی اور برعکس مرد اسی لئے، مرد کے مرنے سے ان ساری بیویوں کو فائدہ ھو گا.

یھاں پر دوسری کمی بھی ھے جس کی شرعی کوئی بنیاد نہیں ھے. عورت کے حصہٖ میراث میں بھی دو اصل کے علاوہ (اکثر فقھاء کے فتووں کی بنیاد پر) ایسا لگتا ھے کہ عورت صرف منقولات اور رھائشی مکان کی قیمت اور تمام عمارتوں کی قیمت میں حصہ دار ھے! کہ عورت کا حق بھت ھی کم نتیجتاً ناچیز ھو گا ؛ بالخصوص گذشتہ زمانوں میں زمین اور اس جیسی چیزوں کی قیمت اموال منقول کی قیمت سے بھت زیادہ تھی اور آج بھی ایسا ھی ھے.لیکن یھاں پر ھم با صراحت دیکھتے ھیں کہ نص قرآن خواتین کو اس ارث کثیر سے (اگر منقول اور غیر منقول دونوں کی قیمت ایک جیسی ھو تو (منقول اموال سے) عورتوں کی میراث (اگرچہ رھائشی مکان کی قیمت کے علاوہ) بھت ھی معمولی ھے کہ چار عورتوں کی صورت میں ان میں سے ھر ایک کی میراث ۱/٦۴/۲ مرد کے حصہ کے برابر ھو گی) لیکن ھم اسی جگہ واضح طور پر ملاحظہ کرتے ھیں کہ نص قرآن نے عورتوں کی اتنی خطیر رقم سے محرومیت کو برطرف کر دیا ھے اور ان کے لئے مرد کی پوری میرا ث سے منقول ھو یا غیر منقول سب میں میراث کا حصہ معین کیا ھے جیسا کہ میراث کی آیت میں ھم پڑھتے ھین: (وَ لَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكُمْ وَلَدٌ فَإِنْ كانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ بِها أَوْ دَيْنٍ) (سورہ نساء/ آیہ۱۲) پس مرد اور عورت ساری میراث کے سلھم میں برابر ھیں. اور ان دونوں نص میں یہ استثناء بھت واضح ھے. اور مرد کے سلھم سے کوئی دوسری چیز جدا نہیں ھوئی ھے. چنانچہ مرد بھی عورت کی پوری میراث سے اپنا حصہ لے گا. قابل توجہ نکتہ یہ ھی کہ (مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصينَ بِها أَوْ دَيْنٍ)(سورہ نساء/آیہ۱۲) کا استثناء کی قرآن کریم میں چار مقامات پر تکرار ھوئی ھے. اور مقامات پر غیر منقول اموال اور عورت کی نسبت مر د کی میراث کے جدا ھونے کی طرف ھرگز کوئی اشارہ نہیں ھے. کیونکہ اگر کوئی استثناء ھوا ھوتا تو بھی قرآن کریم میں کم سے کم ایک بار

هی تکرار ضرور هوئی هوتی اور وصیت و دین کے استثناء سے که دیگر مقامات پر ذکر هوا هے، کم هو جاتی هے.

یهاں پر بهی قرآن کے خلاف کچھ روایات ملتی هیں که ان کے قرآن مخالف هونے کے علاوه خود ان روایات کے درمیان تعارض اور ٹکراؤ هے. اوران لوگوں کا استدلال بهی باطل اور قابل قبول نهیں هے؛ جیسے [1] (چونکه عورت اپنی شادی سے مرد کے اصل نسب (که اصل نسبی رابطه هے) داخل نهیں هوئی، لهذا مرد کی اصل میراث سی که زمین اور اعیان هیں، میراث نهیں پائے گی.جبکه یهی دلیل مرد کے بارے میں بهی هے که اپنی شادی سے عورت کے نسب میں داخل نهیں هوا، ان ان دونوں کی اصل میراث ان میں سے کسی ایک کے هوتے هوئے پهلے طبقے کے سارے نسبی وارثوں میں هوگی. یا یه دلیل که «ممکن هے عورت شوهر کے مرنے کے بعد شادی کر لے اوراپنےنئے شوهر کے ساتھ گهر کے سلهم الارث میں تمام ورثه کے لئے مزاحمت ایجاد کرے اس لئے مرد کی غیر منقول یعنی ثالث جایداد سے میراث لینے سے محروم هے. یه بهی مرد هے کیونکه یه بات مردوں کے سلسله میں کثرت سے مشاهده هوتی هے که شوهر بیوی کے مرنے بعد شادی کر لیتا هے جبکه عورت، شوهر کے مرنے کے بعد بهت کم شادی کرتی هے.

اس وقت ایسی صورت مین عورتیں دیگر غیر منقول اموال کی قیمت سے محروم کیوں هوں، لیکن رهائش مکان کی قیمت میں (که اس دریت کے استدلال کا موجود هے) حصه دار هوں (عورتوں کے ایسے شوهروں کے ترکه سے محرومیت کے فتوی کی ایک مصیبت یه هے که وه شیعه عورتین جن کے شوهر سنی مذهب هیں اس محرومیت سے بچنے کے لئے سنی هو جائیں گی (کیونکه اهلسنت کے فتوے میں عورتوں کے لئے ایسی محرومیت نهیں هے جیسا که لبنان میں یه اتفاق هوا اور اب بهی هو رها هے.

هم نے ۳۰ جلدی «الفرقان» ، «تبصرة الفقهاء» اور رساله «توضیح المسائل نوین» «عوض فی البحار» میں اس طرح کی روایات پر دسیوں اعتراض کئے هیں اور یه که خود بخود عقل کے بهی مخالف هین. اور دیگر روایات کے بهی (شیعه هوں یا سنی)معارض هیں اور نص قرآن کے بهی خلاف هیں.

عورت شوهر کی وفات کے بعد مرد کی بعض میراث سے محردم هونا تو دور کی بات هے بلکه قرآن کریم کی تصریح کے مطابق دوسری شادی سے پهلےموت کے بعد ایک سال تک نان و نفقه، اس کے ملکی گهر مین رهنے کی بهی حقدار هے. اس طرح سے که پهلے میراث سے اس عورت کے ایک سال کے اخراجات الگ کر دیئے جائین اس کےبعد وارثوں کے درمیان میراث تقسیم هو.

اس سلسله میں قرآن کریم کا ارشاد هوتا هے:(وَ الَّذينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَ يَذَرُونَ أَزْواجاً وَصِيَّةً لِأَزْواجِهِمْ مَتاعاً إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْراجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلا جُناحَ عَلَيْكُمْ في ما فَعَلْنَ في أَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَعْرُوفٍ وَ اللَّهُ عَزيزٌ حَكيمٌ)(سوره بقره آیت ۲۴۰) تم میں سے جو لوگ وفات پا جاتے هیں اور اپنے بعد عورتیں چهوڑ جاتے ان عورتوں کے بارے میں الهی تاکید هے که (اصل میراث سے) ان کے نان و نفقه اور رهائش کا بندوبست کیا جائے پهر اس کے بعد (شوهر) کے گهر چلی جائیں تو تم پسماندگان کو کوئی پرواه نهیں کرنی چاهیے اگر وه لوگ نیک اعمال بجا لائیں که دوسری شادی کر لیں یا اپنی زندگی کا اداره کرنے کے مستقل هو کر جدا هو جائیں.

نیز (اولوالارحام) اور (اقربین) که ان کے سلسله میں سرفهرست یهی عورتیں هیں، ثلث مال کی وصیت کے اهم ترین مصادیق یهی هیں که استثنائی مقامات پر ثلث میراث سے وصیت کے ساتھ ان کی ضرورت پوری کی جائے چناچه یه دونوں آیتیں اس اولویت کو بیان کر رهی هیں.

لیکن افسوس که بهت سارے فقها عورت کو (اولوا الارحام)میں نهیں سمجهتے جبکه عورت خود صاحب رحم اور بچوں کی ماں هے پس یه کیسے ممکن هے که اس کی اولاد ارحام میں شمار هو، لیکن خود وه (عورت) که صاحب

---

[1] - اگر یه روایات صحیح هوں اور عورت کے میراث پانے کا معیار نسب میں شامل هونا هے تو پهر اموال منقول میں بهی نهیں ملنا چاهیے(۲) بالفرض که یه روایات درست هیں اگر دونوں (میاں اور بیوی) ایک هی خاندان کے هوں تو کیا انهیں اموال غیر منقول میں میراث ملتی هے ابداًً لهذا یه روایات تعارض کے علاوه دیگر مشکلات سے بهی دوچار هیں.

رحم اور ان کی پرورش کرنے والی ہے ارحام میں نہیں ہے؟ جبکہ آیت (أُولُوا الْأَرْحامِ بَعْضُهُمْ أَوْلى بِبَعْضٍ في كِتابِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَليمٌ) (سوره انفالف آیت/۷۵) عورت ارث کے اولین درجوں کو شامل ہے اور اگر کوئی دوسرا وارث نہ ہو تو خود ہی سارے مال کی وارث ہوگی.

پس ہم ملاحظہ کرتے ہیں کہ اسلام کے اقتصادی اور معاشی نظام کی بنیاد پر عورت کے لئے ہرگز مالی در ماندگی اور بیچارگی نہیں پائی جاتی کہ باپ، شوہر اور لڑکوں کی زندگی میں عورت کا ان پر نفقہ واجب ہے اور شوہر کے مرنے کے بعد ایک سال تک نان و نفقہ اور سکونت کا حق رکھتی ہے اور اس کے بعد بھی پدر، لڑکے اور ان کے بعد دیگر ذکور ورثاء میراث کے طبقوں کے لحاظ سے اس کی حفاظت اور اسداری کے ذمہ دار ہیں. اور آخر میں ایسی عورتوں کے لئےجن کے یہ افراد نہ ہوں تو ان کی زندگی کے اخراجات پورے کرنے کی ذمہ داری بیت المال پر عائد ہوتی ہے یعنی مسلمانوں کے بیت المال کی ذمہ داری بنتی ہے کہ کم سے کم ان کی مادی زندگی کے اسباب فراهم کرے اور اسلامی قانون کی رو سے ہرگز ان کے لئے کوئی کام کرنا واجب نہیں کیونکہ جسمانی ساخت اور ان کی عفت کے مدنظر ہر شغل اور کام ان کے لئے مناسب نہیں ہے مگر وہ کام جو ان کے لئے ضروری ہو جائے نیز ان کا کسی مردوں کے گروہ سے اختلاط لازم نہ آئے. بنابر این اگرچہ عورتوں کی میراث مردوں کی میراث کی نسبت بہت کم لگتی ہے لیکن درحقیت (انکے اخراجات کے مختلف ہونے کی بنیاد پر) بیشتر یا کم سے کم ان کے برابر ہے.

مرجعیت:

مرجعیت کے اعتبار سے فتوای اور فیصلہ بھی عورتوں پر واجب نہیں ہیں بلکہ یہ دونوں عورتوں پر زبردستی لاد دیئے گئے ہیں، کیونکہ مردوں سے اس کی کفایت ہو جاتی ہے. ہاں اگر کوئی عورت مرجعیت فتوای کی لیاقت زیادہ رکھتی ہو فطرتاٍََ وہ ان مردوں پر ترجیع رکھتی ہے جو اس کے برابر نہیں ہے. مثال کے طور پر اگر اس وقت حضرت فاطمہ زہراٴ موجود ہو تیں تو کیا یہ واجب نہ ہوتا (یہاں تک مجتهدین بھی) احکام شریعہ میں ان کا اتباع کرتے؟ کیونکہ : (فَبَشِّرْ عِبادِ. الَّذينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ ...) سورہ زمر، آیت۱۸) اُس نے صرف اور صرف بهترین نظریہ اور رائی کا اتباع کرنے کا حکم دیا ہِ خواہ مرد ہو یا عورت، بنابر این مرد کی شرط کی بنیاد پر (احسنہ جیسی دیگر شرائط کے مانند) اس آیت اور اس سے متشابہ آیات کی نص کے خلاف ہے. اور یہ «احسنہ» مردہ سے زندہ سے «احسنہ» کے مانند ہے کہ موت اس کے جسم کے بہترین ہونے سے خارج نہیں کرتی. (مگر اس کے بعد کیا تبر کا امکان نہیں ہے کہ مردہ احسنہ کی تقلید کی جائے) (مترجم) جس طرح زندہ ہونا فتوای میں نظر کو بهتر نہیں کر سکتا کیا پیغمبر (ص) اور ائمہ معصومین ٗرحلت کر جانے کے بعد قابل تقلید نہیں ہیں؟ (ان کے یہاں عصمت پائی جاتی ہے نیز وہ صرف اپنے زمانہ ہی کے لوگوں سے افضل و اعلی نہیں بلکہ ہر دو ر اور عصر کے لوگوں سے من جمیع الجهات افضل و برتر ہیں) (مترجم) جبکہ یہ سارے اکابر مجتهدین انہیں ہستیوں کی تقلید کرتے ہیں.

فیصلہ:

فیصلہ کرنا ایک الهی اور ربانی منصب ہے جو صرف عدالت اور قاطعیت کا طالب ہے اور عطوفت و مہربانی سے کسی قسم کا عدالت سے زیادہ سازگاری نہیں رکھتا. اگرچہ عورت کی عطوفت خود خدا کی جانب سے ایک تحفہ اور گفٹ ہے. نسل کی حفاظت کے لئے . اور مرکز خاندا کے ترمیں. لیکن قضاوت اور فیصلہ کے باب میں یہ عملی خصوصیت نفی عدالت کے سوا کچھ نہیں کیونکہ عورت کا عاطفہ اور اس کا اثر قبول کرنا مرد کی نسبت زیادہ ہوتا ہے. اس اعتبار سے عموماً عورتیں حج نہیں کر سکتیں اگر مرد بھی عورتوں کی طرح نرم و نازک ہوں تو یہ بھی فیصلہ کرنے کا حق نہیں رکھتے، لیکن اگر کوئی عورت ایسی ہو جو خاص زنانہ عطفت نہ رکھتی ہو اور عادلانہ و قاطعانہ فیصلہ کرے تو وہ مسند قضا (فیصلہ) پر بیٹھ سکتی ہے اور مجموعی طور پر چونکہ فیصلہ کرنا واجب کفائی ہے اور مردوں میں یہ زیادہ کامل ہے لهذا انہیں سے مخصوص ہوگا بالخصوص فیصلہ میں ہونے والی ردوبدل جو ہوتی ہے عورتوں کے مردوں سے عدم ارتباط اور حجاب کی صورت میں منائی ہے. بالاخر جو کچھ روایات میں ملتا ہے «لیس علیهن» ہے اور بس کہ قضاوت اور اس جیسے اموران پر واجب نہیں ہیں. نہ یہ کہ جائز نہ ہو کیونکہ اُن پر زبردستی کرنے اور ان کے اثر قبول کرنے کے علاوہ کوئی اور فائدہ نہیں رکھتا.

قصاص: ہم یہاں پر مرد یا عورت کے حکم قصاص اسی طرح مردو عورت کے دیہ سے متعلق تفصیل کے ساتھ ایک مقدمہ بیان کرنے پر مجبور ھیں : مسلم طور پر خالص عقل کے مالک افراد کے لئے کافی روشن ھے کہ اسلام میں قصاص کا قانون ایک الھی اور ربانی حکم کہ شارع حکیم نے بوم سے عادلانہ روک تھام بنایا ھے اور آخری سالوں میں حقوق میں حقوق بشر کے دفاع کے بہانہ حذف قصاص کے لئے جو شور مچایا گیا اور (قصاص غیر انسانی امر ھے) جیسی تہمت لگائی گئی یقیناً عقل کی کسوٹی اورمیزان کے مطابق نہیں ھے اور ھم ان پر واضح طور پر مغربی دیوانے لیبرل افکار کا سایہ دیکھ رھے ھیں. البتہ قرآن کریم نے حکم قصاص کے آغاز نزول سے ھی (اس کے وجوب کو بیان کرنے کے بعد) اس کی علت کو بھی بیان کر دیا ھے. جیسا کہ سورہ بقرہ کی ۱۷۸ اور ۱۷۹ویں آیات ترتیب وار بیان فرمایا ھے: (یا أَیُّهَا الَّذینَ آمَنُوا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِصاصُ...) اے صاحبان ایمان! تم پر قصاص فرض کیا گیا ھے. (تم پر قصاص (جرم کا بدلہ لینا) واجب ھوا ھے.ھم یہاں پر ملاحظہ کرتے ھیں کہ آیت کی محوری تاکید (کلید تاکید) (الحیوۃ) ھے جو انسانی معاشرہ میں زندگی سالمیت اور حیات ایجاد کرنے اور اس کے دوام کی معنی میں ھے اور قصاص انفرادی اور اجتماعی زندگی کے دوام اور اس کی بقا کے اھم سبب کے عنوان سے اور قتل، جرم وغیرہ جیسی گھناؤنی حرکتوں سے روکنے کا ایک سبب ھے، قصاص صرف پھانسی کے معنی میں نہیں ھے، بلکہ جرم اور ظلم کی روک تھا م کرنے کے لئے مقتول کے وارثوں کا حق یا صدمہ اٹھائے شخص کا حق واپس لینے کے معنی میں پس اگر کسی معاشرہ میں قتل اور جرم سے روکنے کے لئے ایک اھم اندرونی مانع کے عنوان سے ایمانی اور اسلامی تھذیب پروان نہ چڑھے تو بلاشبہ خارجی مانع کے عنوان جرم و قتل کو روکنے کے لئے لازم ھے.

قانون قصاص کا اھم ترین حصہ قتل نفس کے قصاص کے بارے میں ھے کہ اگر مقتول کے ورثاء قاتل کے قصاص کی درخواست کریں تو قتل کے ساتھ قصاص کے عنوان سے وھی کیا جائے جو اس نے کیا ھے. مثال کے طور پر اگر قاتل نے کسی نے کسی کو چاقو مارا ھے تو قصاص چاقو ھی سے لیا جائے نہ کہ پھانسی پر لٹکا دیا جائے یا اس پر گولی چلا دی جائے یا تیر برسا دیئے جائیں کیونکہ قرآن کریم میں ارشاد ھوتا ھے: (فَمَنِ اعْتَدی عَلَیْکُمْ فَاعْتَدُوا عَلَیْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدی عَلَیْکُم) (سورہ بقرہ، آیت ۱۹۴) پس اس آیت مبارکہ کی روشنی میں ایک کلی قانون کے عنوان سے قصاص کی رعایت کی جائے اور اعضاء کے قاص میں بھی اگر کسی مجرم نے پہلے گٹے تک ھاتھ کاٹے ھوں اس کے بعد کھنی اور اس کے بعد بازو سے کاٹ دیا ھو تو اگر صدمہ اٹھانے والا چاھے کہ مجرم کا قصاص لیا جائے تو مجرم کا یکدفع باز و نہیں کاٹا جا سکتا. بلکہ قصاص مراحل جوم کی طرح ھونا چاھئے یعنی پہلے گٹے تک اس کے بعد کھنی تک اس کے بعد بازو تک اس کا ھاتھ کاٹا جائے مگر تخفیف کی صورت میں کہ اکٹھا پورا ھاتھ کاٹ دیا جائے یا بالکل ھی معاف کر دیا جائے یا دیہ لے کر بخش دیا جائے.

یہاں پر جو شبہ (مثلہ) بھی بعض افراد کے ذریعہ کیا گیا ھے، مغالطہ سے زیادہ کچھ نہیں ھے کیونکہ (مثلہ کرنے) کی حرمت اس جگہ ھے کہ کوئی شخص مثلہ نہ کیئے ھوئے انسان کو ٹکڑے کر دے یا کسی شخص کو قتل کرنے سے پہلے اس کے اعضاء کو (مثلہ) اس کے جیسے عمل کے بغیر) کریں کہ یہ عمل شرع مقدس اسلام اور سالم عرف کے اعتبار سے ممنوع ھے لیکن ڈاکٹری آزمایش یا ایک زندہ انسان کی جان بچانے کے آپریشن اضطراری خود پر واجب ھے اورمثلہ کی جزا وھی مثلہ اور قصاص مماثل کی جزا ھے.

قصاص کی شرائط:

چار شرطوں کے ساتھ حکم قصاص کا لغو ھونا یا دیہ میں تبدیل ھو جانا واجب ھی اور پلھی شرط کے علاوہ باقی شرطیں قصاص اعضا کے بارے میں بھی ملاحظہ کی جائیں:

1 - مقتول کے ایک یا چند وارثوں کی طرف سے دیہ کی درخواست قصاص (اس حد تک درخواست سے) لغو ھو جاتا ھے لہذا باقی ورثا ء بھی اس عفو کو قبول کریں؛ کیونکہ قرآن کریم کا ارشاد ھوتا ھے: (فَمَنْ عُفِیَ لَهُ مِنْ أَخیهِ شَیْءٌ فَاتِّباعٌ بِالْمَعْرُوفِ وَ أَداءٌ إِلَیْهِ بِإِحْسانٍ ذلِکَ تَخْفیفٌ مِنْ رَبِّکُمْ وَ رَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدی بَعْدَ ذلِکَ فَلَهُ عَذابٌ أَلیم)
2 - اجرا کے فیزیکلی امکان نہ ھونے کی وجہ سے قصاص لغو ھو گیا ھو کہ اس موضوع سے متعلق مرد کے عورت سے قصاص لینے کی بحث میں مفصل وضاحت کی گئی ھے.
3 - اھم نقصان سے بچانے کے لئے قصاص کا اضطراری لغو ھونا یعنی اُس قصاص کو باطل اور لغو قرار دینا جس کا اجراء یقینی طور دوسروں کی جان یا ان کے مال کے لئے خطرہ ھو فرقہ وار انہ فساد اور خونریزی کا سبب ھو.
4 - قاتل کے قطعی طور پر توبہ کرنے سے خاص طور پر قصاص کو لغو کرنا، اس طرح سے عادل حاکم شرع کے لئے اس کی توبہ کسی شک و تردید کے بغیر یقین آور ھو اور قتل کے توبہ کا مطلب بھی یہ ھے

کہ وہ اپنے جرم سےاس طرح نادم اور شرمندہ ہو اور اپنی اصلاح کی سعی کرے کہ اس کی زندگی کی بقاء اور اوام خود اس کے لئےیا معاشرہ کے لئے حیات بخش ہواور بے شمار مادی اور روحانی فوائد کا حامل ہو.

یہاں پر اس نکتہ کی یاد دہانی ضروری ہے کہ قصاص کےلئے وارثوں کا حق ایک ذاتی حق ہے لیکن صالحے مصلح ، تائب قتل کا روحانی اور جسمانی حیات کا حق ایک نوعی حق ہے اور نوعی حق ذاتی حق پر ترجیع رکھتا ہے. بنابر ایناس کی نسبت قصاص نہ کرنا مقتول کے وارثوں کے حق پر ترجیع رکھتا ہے. البتہ یہ توبہ دسترسی سے پہلے یا قاتل تک رسائی نہ ہونے اور اس کیگرفتاری سے پہلے حتماً سچی ہے اور اس کا یقینی اثبات زندا میں اس کے گرفتار کئے جانے کے بعد یقین سے کہیں آسان ہے . توبہ یقین کرنے کا طریقہ اس طرح ہے کہ دو عادل گواہ عادل حاکم شرع کے سامنے یہ گواہی دیں کہ قاتل نے دوسروں کو خبر کئے بغیر خالصانہ توبہ کی ہےاور اپنی اصلاح کی فکر میں لگ گیا ہے اعمال شرعی کی انجام دہی محرمات کے ترک کرنے، مجرموں کی رہنمائی اور اسلامی ناموسوں کی حفاظت کر رہا ہے.

اب اگر سوال کیا جائے کہ توبہ کو کیسے قبول کروگے ؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جناب یونس نبی ؑ کی قوم نے ان سے حضرت کے منہ پھیرنے اور اللہ کے عذاب کے حتمی وعدہ کے بعد توبہ کر لی جبکہ ایمان (عند رویۃ البأس)نقصان اٹھانے میں ایمان نہیں ہے لیکن یہاں پر چونکہ یہ توبہ حقیقی تھی اس لئے خدا وند عالم نے استثنائی ور پر ان کے ایمان لانے کو قبول کر لیا اور ان پر عذاب نہیں کیا. (فَلَوْ لا كانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَها إيمانُها إِلاَّ قَوْمَ يُونُسَ لَمَّا آمَنُوا كَشَفْنا عَنْهُمْ عَذابَ الْخِزْيِ فِي الْحَياةِ الدُّنْيا وَ مَتَّعْناهُمْ إِلى حين) (سورہ یونس، آیت۹۸) پس اگر کسی گروہ کا ایمان کہ لایا ہو، نفع بخش نہ ہو (تواس وجہ سے تھا کہ ان کے ایمان کی کوئی حقیقت نہیں تھی) جز قوم یونسؑ کے کہ وہ (واقعی) ایمان لائی تو ہم نے زندگانی دنیا میں رسوا کن عذاب کو ان سےدور کر دیا اور جب تک (ان لوگوں نے اپنے گناہ کا دوبارہ تکرار نہیں کیا) ہم نے انہیں بہرہ مند کیا. یا یہ کہ جناب سلمانؑ مشرک تھے پھر توبہ کر کے مسلمان ہو گئے تو کیا شرک بدتر ہے یا قتل ؟ مسلم ہے کہ شرک، قتل سے بدتر اس کے باوجود ان کی توبہ بارگاہ احدیت میں قبول ہوئی، پس اگر کوئی شخص کسی قتل کا مرتکب ہوا لیکن توبہ کے بعد اس کی حیاب کا استمرار (سلمان) کی طرح خود ان کے اور انسانی معاشرہ کے لئے، استثنائی طور سے اس کی توبہ قبول ہے اور قصاص نہیں لیا جائے گا لیکن اس کا خون بہا قاتل کے ذمہ ہوگا. جب تک قصاص کا اجراء انسانوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کی بقا کا ضامن ہو تو ایک ثابت حکم ہے کہ اس کا لغو کرنا صرف جانی اور مالی نقصان اور معاشرہ کی سالمیت کو خطرہ لاحق ہونے کی صورت میں ہے. آج کی دنیا میں خدا کا خوف تو رہ ہی نہیں گیا اور یہ چیز عادی بن گئی ہے پھر کسی شرط کے بغیر حکم قصاص کو کیسے حذف کیا جا سکتا ہے ؟ عصر حاضر کے ناگفتہ حالات پوری دنیا میں اور ناانصافی تفریق اور فساد کے دور میں اگر حکم قصاص جزم کا انتقام لینے اور جرات کرنے سے روکنے کے لئے نہ ہو تو پھر مادی توانائی کے مالک مجرمین کہیں گے کہ میں فلاں کو مار ڈالوں گا. اگر گرفتار نہ ہوا تو کچھ نہیں اور اگر ہو بھی گیا تو دیہ دے کر آزاد ہو جاؤں گا! اگر کہا جائے دیگر ممالک میں جہاں قصاص کا قانون نہیں ہے ان ممالک میں جرائم اور قتل کی تعداد ان معاشرہ سے بہت کم ہے جہاں یہ حکم ہے ہم جواب دیں گے. پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ ایک قرآنی حکم ہےاور خدا وند حکیم خود اس کی حکمت سے زیادہ آگاہ ہے اور جرم کی تعداد میں کمی یا زیادتی اس حکم کی نفی کی توجیہ نہیں ہو سکتی صرف اور صرف مذکورہ بالا شرائط کے ساتھ ہی حکم قصاص کو لغو کیا جا سکتا ہے

دوسرے بعض اسلامی ممالک میں جہاں حکم قصاص اجراء کرتے ہیں دیگر معاشروں سے جرم کی تعداد بہت کم ہے تیسرے یہ محض دروغ ہے کہ جن ممالک میں حکم قصاص نافذ نہیں ہے وہاں جرم کی تعداد کم ہے کیونکہ عالمی خبریں اور حوادث قتل اور جرم سے متعلق بالخصوص افراد معاشرہکو گرم یا سرد ہتھیاروں سے دھمکی دینا غیر اسلامی معاشرہ میں شدید نا امنی کا پتہ دے رہی ہیں. ہر ملک میں جرم کی تعداد کا اس ملک کے اسباب کےساتھ اندازہ لگایا جائےباوجود یکہ مفولی ممالک میں میں عیش و عشرت کے اسباب اعلی معیارپر فراہم کریں اس کے باوجود ہم ملاحظہ کرتے ہیں کہ ان ممالک میں جرائم حد درجہ ہیں اور ان سے انکا بھی نہیں کیا جا سکتا. اور اگر وہ سارے اسباب و ذرائع آمدنی دنیا کے دیگر ممالک میں بھی موجود ہوں تو جرم کی تعداد موجودہ صورتی سے کمترہو گی. اس کے باو جود کہ مغرب میں آسائش اور عیش اعلی پیمانہ پر ہے. لیکن تیسری دنیا میں سالمیت ، اعتماد، دوستی، برادری، اور خانوادگی استحکام بالخصوص اسلامی ممالک میں مغرب سے کہیں زیادہ ہے بلکہ مغربی ممالک سے اس کا موازنہ بھی نہیں کیا جا سکتا.

اب کہنا چاہیئے : حقوق بشر کے دعویدار وں کے حکومتوں کی نسبت اعتراضپر ہم کیوں توجہ نہیں دیتے کہ دیگر ممالک پر وہ حملہ کرتے ہیں مثلاً کیمیائی اسلحوں سے عراق کی بعثی حکومت کی مدد کر کے ایران اور عراق

کے باڑری صوبوں کے ہزاروں افراد کا قتل عام کرتے ھیں. یا ویتنام پر حملہ کرکے یا افریقی ممالک مینقبائلی جنگ برپا کر کے بالخصوص فلسطین میں باربار جرائم کرکے صبراً شتیلاً جنین اور دنیا کے دیگر علاقوں میں ہزاروں بے گناہ انسانوں کو خاک و خون میں غلطان کر دیتے ھیں

لیکن غایت درجه افسوس که قانون اسلامی قوانین کے اجراء کے موقع پر نقض حقوق بشر کی فریاد سنتے ھیں وہ بھی ایسا قانون جو جرم کی روک تھام خون مقتول کے اولیاء کو اجازت دیتی ھے که ان سے قصاص اور جرم کرنے کا مطالبه کیا جائے کیا یه فریاد همدردانه ھے اور وہ خاموشی عدالت کی بنیاد پر ھے.

عورت اور مرد کا کے دیه اور قصاص میں فرق:

رہا جانی قصاص که عورت کا خون بها مرد کے نصف ھے اس کی وجه یه نہیں ھے که عورت کی انسانی اهمیت مرد سے کم ھے بلکه قرآن اور سنت قطعیه نے اس کا حکم اسی طرح بیان کیا ھے که مسلمان کے لئے اس کی مخالفت جائز نہیں ھے. اس حکم کی حکمت کی بارے میں عقل ، سماجی اور خارجی چشم دید حقیقت کی تحقیقات سے کہا جا سکتا ھے: اولاً : جسمانی اهمیت کےلحاظ سے عورت کی نسبت مرد کے اذار تولید مثل کی صلاحیت کئی گنا زیادہ هوتی ھے٠نه روحی اعتبارسے) مثال کے طور پر دو کارخانه که مادی اور فیزیکلی لحاظ سے دونوں هی کے اقتصادی اسباب یکساں ھیں لیکن وجه کوئی بھی ایک کے یہاں دوسرے کی نسبت تولید زیادہ ھے. نتیجه کے طور پر اس کی قیمت بھی زیادہ ہو گی. ثانیاً ! مرد عالم اور لازمیطورپر خانواده کی اقتصادی، تربیتی اور حفاظتی لحاظ سے بنیاد هوتا ھے اور ایک مرد کےکسی عورت کے قتل کرنے پر اس کی پھانسی کی وجه سے خانوادگی اداره کی بنیاد هل جاتی ھے نتیجه یه هوگا که قصاص اور خون بها میں مرد اور عورت کے درمیان بطور مکلق مشابهت نہیں هوگی. اور یه حکم عورت پرظلم کا حکم نہیں ھے بلکه حکم الهی اور تعبدی ھے ثالثاً، محسوس خارجی حقیقت کےپیش نظر هم پوری دنیا میں دیکھتے ھیں که سرگرمیوں کے میدان میں عدد کوں کی نسبت مرد کی کارکردگی خواہ فکری هو یا جسمانی زیادہ ھے اگر هم اس وسیع و عریض نتیجه کو نظر انداز کر دیں تو کیا خون بها میں مشابهت مردوں کے جسم کی حقیقی اهمیت کے ساتھ حکم نہیں هوگا؟ اور اس وقت عورتوں کی تعداد مردوں سے(عموماً) زیادہ هی

عورت کے قتل کر دینے پرمرد سے قصاص لینے کی کیفیت:

اور یه که قدیم فقها کہتے ھیں اگرکسی مرد نے کسی عورت کو قتل کردیا تو عورت کےورثاء مرد کا نصف دیا دے کر اس کا قصاص لے سکتے ھیں صحیح نہیں ھے (اگر یہاں پر کہا جائے که روایات کے مطابق قتل مرد کے ورثه کو باقی دیه دے کر اس قاتل سے قصاص لے سکتے ھیں اور اسے پھانسی دےسکتے ھیں ! هم جواب دیں گے که مذکورہ روایات (وسائل الیثه کے اجواب القصاص فی نفس باب ۳۳) دیگر روایات سے معارض بلکه مجموعاً قرآن کے مخالف جس کا نتیجه تسلط هو گا، اسی طرح سی که اولاً : باب ۳۳ کی روایات مروی عنه صرف معصوم ھیں.که نتیجه کے طور پر دو روایت شمار هوں گی اور یه دووں رویت باقی دیه دے کر قاتل کے پھانسی کا حکم کرتی ھیں جو قرآنی نص کے مخالف ھیں. یہاں پر صرف اور صرف ایک نص کی طرف اشارہ کیا جا رہا ھے. چنانچه خدا نے فرمایا: (الانثی باالانثی) که عورت کا قصاص صرف عورت کے مقابله میں جائز ھے اور قاتل مرد کو پھانسی دینا یا دیه کی باقی رقم کو واپس کرنا (اور پھر مرد کو قتل کرنا) {الذکربالانثی} ھے که واضح طور پر (الانثی بالانثی اور الحر بالحر) کے مخالف ھے (انفس بالنفس)بھی توریت کا حکم قرآن میں منقول ھے اور اس کی وہ وجه ھے یا قاعده کلی هی که (الانثی بالانثی) قرآن کریم کی نص کے عنوان سےبھی ھے یا یه که (الانثی بالانثی) اور(الحر بالحر) سے منسوخ ھے بنابر این پهلے دو گروہ کی مذکورہ روایات اصلاً معصومین ؑ سے صادر نہیں هوئی ھیں. ثانیاً: ایک روایت فاضل دیه کے رد کے بغیر مرد قاتل کے قتل کرنا واجب کرتی ھے که گذشته دنوں روایت سے بھی معارض ھے اور قرآن کے بھی مخالف ھے، پس مقبول نہیں ھے . پس جیسا که ملاحظه هوا که مذکورہ روایات میں داخلی ثلاثی تعارض اور پہلے و دوسرے گروہ کی ساری روایات کا قرآن سے خارجی تضاد فاضل دیه دے کر قاتل کے قتل سے منع کر رهی ھیں نتیجتاً ایسی پھانسی یقیناً حرام ھے اور مرد کے نصف اعضا کے مانند برابری (که عورت کے پورے بدن کے برابر ھے) ممکنه صورت اور نه مرنے کی صورت میں قطع هونا چاهیئے.) کیونکه جان خرید وفروخت کرنے کے قابل نہیں ھے. بالخصوص یه که آیه مبارکه (فَمَنِ اعْتَدَى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَى عَلَيْكُمْ) (سوره بقره، آیت ۱۹۴) عدوانی جرائم کی سزا میں اعتدای بالمثل اور جرم کے مقابله اسی کے مانند یا اصطلاحاً مقابله بالمثل کو ایک قاعده کلی کے عنوان سے ذگر کیا ھے اور مقتول عورت کے ورثاء (قصاص کی درخواست کی صورت میں صرف قاتل مرد کے جسم کے نصف حصه سے قصاص لینے کا حق رکھتے ھیں. که اس نصف بدن کا دیه پانچ

سوا مثقال سونے کے برابر ھے، کیونکه اولاً که قرآن کی آیات کی بنیاد پر یقیناً مرد کا دیه عورت کے دیه سے فرق کرتا ھے اور اس کی مقدار بھی سنت قطیعه کے مطابق معین ھوتی ھے که مرد کا پورا دیه ایک ھزار مثقال سونا ھے اور عورت کا کامل دیه ۵ سو مثقال سونا ھے. البته یھاں پر قصاص بھی دیه میں تبدیل نھیں ھوگا. کیونکه مذکورہ قصاص کا اجراء عصر حاضر فیزیکل امکان ھے.

اس بات کی یاد دھانی ضروری ھے که ماضی میں گذشته فتوای کے صادر نه ھونے کی یه وجه تھی که قرآن کے نزول سے کچھ پھلے تک اس خاص وضوع میں مرد قاتل کے نصف اعضا کوقطع کرنا حکم قصاص کا اجراء ممکن ھینں رھا ھے اور قاتل مرد کے نصف بدن کا قصاص اس کیمدت پر تمام ھوتا تو پھر دیه میں تبدیل ھوگیا ھے. لیکن اس وقت سائنسی ترقی اور جراحی کی پیشرفت کے پیش نظر اس طرح کے قصاص کا امکان ھے.

پس اس وقت تمام فقھاء کے درمیان اس فتوی کا نه ھونا کسی توجیه کا حامل نھیں ھے اور در حقیقت اس قسم کا قصاص قات مرد کو مکمل پھانسی دے دینے میھکوئی تفاوت نھیں ھے . اور مرد و عورت کی جسمانی قدرو اھمیت کی عادلانه طور پر رعایت ھوتی ھے. اگرچه سنی فقھائ کے درمیان اس فتوای کا کئی سابقه نھیں ھے ، لیکن مذکورہ اور بعد کی دلیل کی بنیاد پر فقه قرآنی کی روشنی میں قصاص میں مماثلت احکام جزائی کے اجراء میں ایک قاعدہ کلی ھے اور ایسا نھیں ھو سکتا که قاتل مرد کا آدھا خون بھا اس کے ورثا کو دے کر اسے پھانسی نھیں دی جا سکتی . کیونکه جان بعضاً ھو یا کلاً قابل خرید و فروخت نھیں ھے. مثال کے طور پر آپ کو یه حق نھیں که آپ کسی شخص سے یه کھیں که آپ میرا پورا دیه میرے ورثا ء کو دیدو اور مجھے قتل کر ڈالو کیونکه یھکام در حقیقت قاتل مرد کی نصف جان کا خریدنا ھے جو کسی صورت صحیح نھیں ھے اور فاضل دیه کا بطلان بھی واضح ھے. چند آدمیوں کا قصاص لینے کے لئے ایک شخص کے قتل کا بطلان بھی واضح ھے. چناچه قرآن کریم میں ارشاد ھوتا ھے :(وَ لا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتي حَرَّمَ اللَّهُ إِلاَّ بِالْحَقِّ وَ مَنْ قُتِلَ مَظْلُوماً فَقَدْ جَعَلْنا لِوَلِيِّهِ سُلْطاناً فَلا يُسْرِفْ فِي الْقَتْلِ إِنَّهُ كانَ مَنْصُورا). (سورہ اسراء آیت ۳۳). اور حضرت ابوالحسن الرضاء نے بھی فاضل دیه کے رد کے بطلان مین اسی آیت سے استدلال کیا ھے که مشترک قتل مین ھر مجرم کا اس کے جرم کےبقدر(ممکنه صورت میں) قصاص ھونا چاھیئےیھاں پر اس نکته کی وضاحت ضروری ھے که زمان و مکان کے اقتضاء سے موضوعات احکام کی تبدیلی کسی صورت شریعت کے اصل احکام سے منافات نھیں رکھتی، کیونکه قرآن اور سنت کے احکام ھمیشه گویا، ثابت اور تبدیل ھونے والے نھیں ھیں. صرف احکام کے موضوعات جدید ھیں. بنابراین فقه قرانی، فقه گویا ھے جو ھمیشه شریعت خاتم کی وحی سے مستند ھے اور صرف موضوعات کی جدت کو قبول کرتی ھے نه احکام کی. اس وجه سے کبھی مسدود راہ نھیں رکھتی اور شریعت کے ثابت احکام مینمعمولی تغییر کے بغیر ھمیشه تمام سوالوں کا جواب گو ھے.

جیسا که ملاحظه ھوا که حکم قصاص یا دیه کی مقدار میں کبھی کوئی تبدیلی واقع نھیں ھوئی ھے بلکه عصر حاضر میں قاتل مرد کے نصف بدن کے قصاص کا موضوع چونکه ممکن ھے اس لئے مذکورہ موضوع کو شامل ھوتاھے که نتیجتاً مرد کے نصف دیه کی گنجائش نھیں رہ جاتی . آخر کار ھم نے صرف قرآن اور سنت پیغمبر (ص) کے اصول کی روشنی مین (که دونوں ھی عقل سلیم کی بنیاد ھیں) فتوای دیا ھے. اور توجه رکھنا چاھیئے که اگر مرد قاتل کے جسم کا نصف حصه کا قصاص اس کی موت یا اس کے اعضاء کے بیکار ھونے کاباعث ھو تو ایسی صورت میں یه قصاص) دیه میں تبدیل ھو جائے گا اور صرف انھیں اعضاء کو قطع کیا جائے گا جو ان مذکورہ چیزوں کا نه ھو بھر صورت اسنصف یا عورت کے پورے جسم کے درمیان مساوات کی عادلانه رعایت کی جائے.

حیرت انگیز فتوی۴: ۲؟!

اسی طرح اکثرروایاتی فقهاء کے فتوای کےمطابق عورت کی ایک سے تین انگلی کی دیت مرد کی ارئے تین انگلی کی دیت کے برابر هے لیکن اگر عورت کی چاروں انگلیاں قطع هوجائیں تو اس کی دیت دو انگلی کے برابر دیت کی هے! افسوس که یه فتوای ایک روایت کے مطابق هے جس کی امام جعفر صادقؑ کی طرف نسبت دی گئی هے، جس کا نتیجه یه هوتا هے که عورت کی چار انگلی کی دیت اس اس کی تین انگلی کی دیت سے کم اور دو انگلی کی دیت کے برابر هے، لیکن یه مشهور فتوای آیت (مقابله به مثل) کی نص سے باطل هے. اسی طرح (افلاتعقلون) کیا تم لوگ عقل سے کام نهیں لیتے؟!

اس کے علاوه بهت سارے روایاتی فقها کهتے هین: مرد اور عورت کے کسی ایک اعضا کا دیه اُن میں سے هر ایک کے کامل دیه کے برابر هے! لیکن اگر دو عضو ایک جیسے هوں جیئے آنکھ، کان، گرده اور بیضوں کے علاوه تمام جفت اعضاء متوان میں سے هر ایک نصف بدن کے برابر ارزش رکھتے هیں!

جبکه اس طرح کی قسمت گذاری بالکل هی غیر منصفانه هے، قرآن کے مخالف اور غیر عقلی هے، چنانچه هر شخص کے فرد اور زوج اعضا کی دیت کے حساب سے هم ملاحظه کرتے هیں که انسانکے مجموعی اعضاء مرد و عورت کے پورے خون بها کے مقابله میں دسیوں برابر هے که اس اعتبار سے بدن کے جز جز کی قیمت مجموعی اعتبار سے کل بدن سے زیاده هے اور یه بات اصل عقلی (که کل، جز سے بڑا هے سے منافات رکھتا هے اس کے علاوه ایک مشکل یه بھی هے که یهاں پر کوئی مماثلت اور شباهت نهیں پائی جا رهی هے: کیونکه بدن کے هر ایک حصه کی قسمت مجموعی اعتبار سے بدن کے مساوی هونا چاهیئے نه یه که کل سے دسیوں برابر زیاده هو جائے!

رها اس سوال کا جواب که عورت کے پورے بدن کی دیت مرد کے ایک بیضهکے برابر کیوں هونا چاهیئے جبکه مرد کے بدن کا ایک چھوٹا ، حصه هے اور اس کے بغیر بھی مرد اپنی زندگی باقی رکھ سکتا هے؟ اس کا جواب یه هے که اولاً یه فتوای مخالف قرآن هے اور اسے عقل سلیم بھی قبول نهیں کرتی چناچه قرآن نے آیه (مجروح قصاص) سے اس حکم کی وضاحت کر دی هے که اثنی مص پر زخم وارد کرنے حکم قصاص ان کی جنس کے مطابق هونا چاهیے، ثانیاً اجزائے بدن کی دیت احکام کا موضوع هے که اسپشیلسٹ کے علاوه اس سے متعلق نظریه دینے کا حق نهیں رکھتا، چونکه آیت کریمه (فَبَشِّرْ عِبادِ. الَّذِینَ یَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُونَ أَحْسَنَه) اور آیه مبارکه (وَ أَمْرُهُمْ شُورى بَیْنَهُم) مجموعی طور پر بهترین اور اعلی ترین نظر صالح ماهر ین کی نظر مانی هے اور اس کی پیروی واجب جانی هے. اس کے لئے عادل ماهر ین اعضاء کی دیت سی متعلق ایک کمیٹی هونی چاهیئے. یعنی عادل اور ماهر ڈاکٹروں (قانون ڈاکٹروں) کم از کم ایک بار همیشه کے لئے بدن ی مختلف اعضاء کی دیت اولویت اور اهمیت کے لحاظ سے (کامل دیت کی نسبت قیمت گذاری)کر کے یقین کر لیں. اس اعتبار سے جو اعضاء زندگی کے لحاظ سے زیاده اهمیت کے حامل هیں انهیں دیگر اعضاء پر مقدم کریں اوران کی مقدار بھی سونے کی واحد مثقال کے لحاظ سے حساب کریں تاکه مختلف زمانه مین پیسوں کی بڑھتی اور گھٹتی قیمت کا اسی محاسبه پر اثر نه پڑے.

بنابر این عدالت کا اقتضاء یه هے که پورے جسم کا خون بها جسم کے ایک فرد یا زوج اعضا پرتقسیم کریں که اس عادلانه تقسیم ایک آنکھ ، ایک گرده یا مرد کے ایک بیضیکی قیمت مرد یا عورت کے تمام بدن کی نسبت بهتهی کم هے نه یه که عورت کے کام بند کی دیت مرد کے معمولی بیضه جیسے عضو کے برابر هو.

یھاں پر ملاحظه ھوتا ھے که روایاتی اور غیر قرآنی فکر دین اور عقل سے فراری ھے لیکن عقه قرآنیدین اور عقل کی پسندیده چیز ھے اسی وجه سے شیعه اور سنی کے درمیان ایسے نامعقول فتووں کی وجه سے میں نے فقھی فتووں کی مکمل بررسی کرنی شروع کر دی اور قرآن و سنت میں غور و خوض کرکے رد تبصرة الفقھای) نامی فقھی استلالی کتاب میں پانچ سو سے زیاده فتوے قرآن اور سنت مخالف پر تنقید کی اور قرآنی فتووں میں سے اھم حصه کو بھی میں نے توضیح المائل کوین) میں درج کردیم.

غم انگیز اور فاش مظالم میں سے ایک عورت اور حرمت ابدی مرد کی حقوق کی نسبت ظلم ھے که بعض مواقع پر خانوادگی شیرازه بکھرے کا باعث ھوتا ھے، وه روایاتی فقھاء کی جانب سے اس مضمون کا مشھور فتوای ھے که اگر کوئی مرد کسی عورت سے عده طلاق یا وفات میں عقد کر لے اور ھمبستری کے بعد (ان میں سے کوئی ایک یا دونوں ھی) با خبر ھوں که عده کی حالت مین کسی عورت سے شادی کرنا حرام ھے تو ان کے درمیان ھمیشه ھمیشه کے لئے حرمت ابدی ایجاد ھو جائے گی.

یھاں پر اس ظالمانه فتوی پر تنقید کرنے اور اس کی رد کرنے کے علاوه نا معقول نتائج کے نمونے که ٹوٹ رشتوں پر موقوف گرم خانوادگی نظام درھم برھم ھوجائے گا اور ھم حاشیه میں اس کی طرف اشاره کر رھے ھیں. (ایک مومن نے مجھے افسوس ناک واقعه کی خبر دی. اس نے کھا: ١٣٦ ھ ش، کے اوائل میں ایک دن میں کام تمام کرنے کے بعد اپنے گھر گیا لیکن حیرت ھوئی که میری بیوی مجھ سے پرده کر رھی ھے اور ایک کونه میں بیٹھی رو رھی ھے. میں نے اس سے پوچھا کیا بات ھے؟ کیا ھوا؟ اس نے کھا: آج میں محله کے حمام میں گئی تھی تو دیکھا که ایک عورت گریه کر رھی ھے. میں نے اس سے سوال کیا کیوں رو رھی ھو؟ تو اس نے اپنی ساری داستان مجھے سنائی که اس وقت اس جرم میں میں بھی گرفتار ھوں. اس عورت نے کھا: میں مطلقه تھی اور عدت کی حالت میں کسی مرد سے ازدواج کی حرمت سے باخبر نھیں تھی اور میں نے ایسا کر لیا، لیکن چند سالوں کے بعد متوجه ھوئی که مشھور فتوے کے مطابق میرا ایسے شوھر کے ساتھ رھنا حرمت ابدی رکھتا ھے! اسی وجه سے چند بچوں کی ماں ھونے کے میں نے جدائی کا فیصله کر لیا . اس واقعه کو نقل کرنے کے بعد میری بیوی نے کھا : میں بھی شادی کے وقت عدت میں تھی لیکن میں اس کی حرمت سے آگاه ھیں تھی اور میں نے یه بات آپ کو نھیں بنائی .

اس مرد نے اس کے بعد کھا : میں ایک طرف سے ناراض ھوا اور دوسری طف شرعی فریضه کا احساس کیا پھر میں نے اس زمانه کے مراجع مرحوم آقا شریعتمدار ، آقا خمینی ، آقا مرعشی اور مرحوم آقا گلپائیگانیکی طرف رجوع کیا اور اس مسئله کا استفتاء کیا تو سب نے متفقه طور پر کھا که تم ایک دوسرے کی نسبت حرمت ابدی رکھتے ھو! اس وقت میں نے حکم الھی کا اجرا ء کیا اور دو بیٹیوں کی ماں سے جدا ھو گیا، جبکه اس سے مجھے کسی قسم کی مشکل نھیں تھی اور ھم دونوں ایک دوسرے سے مکمل طور پر راضی تھے.

دوسرا نموه یه که قم کی عدالت کے ایک وکیل نے ایک واسطه سے مجھے بتایا که ١٣٤٦ھ ش عدالت کے فیصله سے ایک حقوقی فائل بند کرنے کا اعلان ھوا ھے اور یه ایک مرد اور عورت سے متعلق تھی که جن کے درمیا کوئی اختلاف نھیں تھا صرف عدت کے درمیان عقد کی حرمت سے بے خبر تھے چند سال باھمی زندگی گزارنے اور چار بیٹیوں کی ماں ھونے کے بعد شوھر سے جدا ھو گئی!

البته عدت کی حالت میں ایسی ازدواج یقیناً حرام ھے اور خود بخود جدائی اور طلاق ھو جاتا ھے، لیکن (قرآنی دلیل سے که بعد میں حاشیه میں ھونے پر اس عورت کو (طرفینی توبه کی شرط سے) عقد کرن سکتا ھے اگرچه افسوس ھے که روایاتی فقھا دیگر ردنسلی فتووں سے زیاده بعض

مردوں اور عورتونکے درمیان ازدواج کے حرمت ابدی سے متعلق مذکورہ فتوی میں اضافہ کیا ھے، لیکن میں دو اصلی روائی کتابوں[۲] کی مکمل بررسی کرنے کے بعد اس سلسلہ میں اس نتیجہ پر پھنچا کہ ان فتووں کا سرچشمہ ایک دوسرے کش مخالف اور متضاد اور قرآن مخالف روایات ھیں اس وقت قرآن کریم میں تدبر کرکے ھم ملاحظہ کرتے ھین کہ قرآن (وَ أُحِلَ لَکُمْ ما وَراءَ ذٰلِکُم) (سورہ نساء، آیت ۲۴) ایسے مذکورہ بالا فتووں کو باطل کرتا ھے اور صرف دو مورد مینحرمت ابدی قابل قبول ھے اور و ہ مرد و عورت کے نکاح کی حرمت ابدی ھے جو ان دونوں کے دمیان طلاق کے بعد نکاح ھوا ھو. اسی طرح ملاعنہ عورت سے زوجیت کے استمرار کی حرمت ذکر کی ھے[۳]

رضاعت کے محرمات:

عورتوں اور مردوں کے درمیان ازدواجی حقوق سے نسبت جن مسائل سے مشکل ایجاد کر دی ھے (اور فقھی ضرورت کے عنوان سے مسلمانوں کے درمیان رائج ھوا ھے) یہ ھے کہ شیعہ اور سنی فقھاء کی اکثر یت نے قرآنی حکم کو نظر انداز کرکے رضایت کی وجہ سے محرومین کو دوفر (مادر رضاعی اور بھن) مردوں اور عورتوں کے سے ۱۲سے ۱۴، گروھوں تک توسیع کی ھے لیکن ھم یھاں پرقرآن کریم میں دقیق اور غائرانہ نظر ڈالنے کے بعد ھم اس نتیجہ تک پھنچتے ھیں کہ خدا وند عالم نےنسبی ھفتگانہ محارم کا شمار کرنے کے بعد رضایت کی وجہ سے صرف اور صرف دو فرد کو محارم میں شمار کیا ھے اور حرمت ازواج کے بارے میں صرف رضاعھی ماں اور بھنکو نسبی ماں اور بھن سے ملحق کیا ھے . بنا بر یں آیہ مبارکہ (وَ أُمَّهاتُکُمُ اللاَّتي أَرْضَعْنَکُمْ وَ أَخَواتُکُمْ مِنَ الرَّضاعَةِ)(سورہ نساء آیت ۲۳) کی نص خود صراحت کے ساتھ دو خاص فرد میں رضاعی حرمت

---

[۲]- جامع احادیث الشیعہ و وسائل الشیعہ.

[۳] أ کیونکہ آیت (عَلَیْکُمْ وَ أُحِلَ لَکُمْ ما وَراءَ ذٰلِکُم) کا دونوں فرد کی نسبت اطلاق قانونی پھلو کا حامل ھے اور نص یا ظاھر مستقر کا اطلاق ان دونوں کو شامل نھیں ھے . بنابر ایں سنت قطعینہ نے جو مذکورہ دو فرد کے ساتھ ازدواج کی حرمت ابدی کو بیان کیا ھے، قرآن سے کوئی منافات نھیں رکھتا اور قرآن میں ذکر شدہ ازدواجی محرمات صرف اور صرف نسبی سببی اور رضاعی محارم سے ابتدائی حرمت سے متعلق ھے اور اس کے بعد آیہ (عَلَیْکُمْ وَ أُحِلَ لَکُمْ ما وَراءَ ذٰلِکُم) نے بقہ ابتدائی ازدواج کو حلال کیا ھے بنابر ایں جو روایات محارم کے علاوہ معین افراد سے ابتدائی ازدواج کو قرآن میں دائمی حرمت بتاتی ھیں ، وہ قرآن مخالف ھیں اور قابل قبول نھیں ھیں ، رھی ملاعنہ عورت اور دو طلاق کے بعد نئی بنیاد پر قابل قبول اور ھم اس کی پیروی کرتے ھیں. کیونکہ پھلی بات یہ ھے کہ ملوعنہ کے سلسلہ میں نص قرآن کے مطابق ایک مرد یہ دعوای کرتا ھے کہ اس کی بیوی نے زنا کی ھے، سب سےپۃ چار بار اس طرح خدا کی قسم کھائے گا کہ میں اپنے اس دعوای میں سچا ھوں اور پانچویں مرتبہ کھے گا کہ مجھ پر خدا کی لعنت ھو اگر میں جھوٹا دعوای کروں. اور عورت بھی اپنی برأت کے لئے قسم کھائے گی کہ میرا شوھر پھوٹا ھے اور اگر وہ سچا ھے تو مجھ پر خدا کا غضب نازل ھو. نتیجہ یہ ھوگا کہ ان میں سے ایک تھمت لگانے والا شمار ھوتا ھے کبھی ان دونوں کے درمیان تناسب اور کفو ھونا (کہ ازدواج کے صحیح ھونے کی شرط ھے) پائی نھیں جاتی پس اس وجہ سے ملاعنہ کی بیوی عورت (وَ أُحِلَ لَکُمْ ما وَراءَ ذٰلِکُم) اس کے شامل نھیں ھو گا.

ثانیاً . ور دیں طلاق کے بعد استمرار ازدواج کی ابدی حرمت خود عورت اور مرد کی درمیانصلح و آشتی کے امکان کی نفی پر دلیل ھے، کیونکہ وردیں طلاق سے پھلے اس عورت نے دو بار شادی کی اس کے بعد دوسرے اور تیسرے شوھر (ترتیب وار طلاق کے فاصلوں) میں ھمبستری ھوئی اور جبر کے بغیر آشتی کی وجہ سے ان لوگوں سے دوبارہ طلاق لی ھے. اس کے باوجود پھلے شوھر نے اسے مریہ تین بار طلاق دی پھر بعد کے ازدواج کی کوئی گنجائش نھیں رہ جاتی.

رھا افضا شدہ ایسی عورت جس کے پیشاب اور پاخانہ کا مقام ایک ھوگیا ھو ، عورت کے بارے میں تو اس کے ساتھ استمرار ازدواج حرمت ابدی کا حامل نھیں ھے بلکہ صرف اس کے ساتھ ھمبستری کرنا حرام ھے جو (وَ أُحِلَ لَکُمْ ما وَراءَ ذٰلِکُم) سے کوئی منافات نھیں رکھتا. چونکہ آیت نے ، نسبی ، سبب اور رضاعی محارم کے علاوہ کے ساتھ ازدواج کی حرمت ابدی کو حلال کیا ھے نہ وقتی ھمبستری کی حرمت کو جیسے اور دہ ، حیض نفاس اور احرام کی حالت میں ھمبستری ، حلیت ازدواج کے باوجود ھمبستری کی حرمت وقتی (عارضی) ھے بنابر ایں اگر اقضاء شدہ ضرورت ڈاکٹری اور سرجری معالجہ دوبارہ اپنی سلامتی پا لے تو اس عورت سی ھمبستری بھی جائز ھے.

کی گواہ ھے اور بس. اور حدیث (یحرم من الرضاع ما یحرم من انسب) جو نسب کی وجہ سے حرام ھے وہ رضاعت کی وجہ سے بھی حرام ھے۹ سے استناد درست نہیں ھے کیونکہ حدیث کا اطلاق کی صورت آیت کے مفید نص کو مطلق نہیں بنا سکتا کہ اسے اپنے ماتحت قرار دیدے. (اگربعض روایاتی فقھا کھیں بھی: قرآن رضاعت کی حرمت کو اختصار کے ساتھ معین کیا ھے اور اس کی تفصیلروایت کے ذمہ چھوڑ دی ھے تو ھم اس کا جواب دیں گے : اولاً : اعلی فرد ادنی نمونہ کا بطریق اولی بیس، ثانیاً اگر اختصار گوئی کا باب پیش ھوتا تو پھر اس مختصر کے بجائے اس کی تفصیل کے دس جملہ ھوتا ھے اور میں ھفتگانہ تمام نسبی محارم کو شامل کیوں نہیں ھے ایک ایسا مختصر کہ بھت ھی مختصر دوران تینوں جملوں سے زیادہ شامل (ھن من الرضاعۃ)نہیں ذکر ھوا ھے تاکہ سارے ھفتگانہ نسبی محارم کو شامل ھو؟! جبکہ ھم افسوس کے ساتھ ملاحظہ کرتے ھیں ان فقھاء نے نہ صرف دو مورد کو بارہ اور سنیوں نے ۱۴، گروہ میں تقسیم کیا ھے. کہ انھیں میں سے سببی رابطہ جو فقھی اصطلاح میں (مصادوہ، دامادی) ھے نسبی رابطہ ھے.نسببی رابطہ ھے . اب اگر بالفرض ھم نص قرآنی کی مخالفت میں اطلاق حدیث پر عمل کرنا چاھیں تو صرف وھی شیر خوارگی کا رابطہ حرمت ازدواج کا باعث ھے جو نسبی ھفتگانہ رابطوں ک جاگزیں ھو. یعنی مثلاً (دوسروں کے فتوے کے مطابق) رضاعی ماں اور بھن کے علاوہ کچھ دیگر افراد جسے دوسرے شوھر سے بیٹی ، پھوپھی،خالہ، بھتیجی، بھانجی وغیرہ.

جبکہ یہ فتوے دینے والے حضرات نے رضاعی بیٹے کی بیوی اور اس کے منند کہ سبی رابطہ رکھتے ھیں کو بھی اضافہ کیا ھے جبکہ رضاعی حرمت صرف اور صرف ازدواج سے مخصوص ھے کیا دو عورت یا دو مرد کے درمیان ازدواج ممکن ھے؟ بنا براین رضاعی بیٹا مرد اور رضاعی بیٹی عدوت کے لئے کوئی معنی نہیں رکھی؟ اس مسئلہ کی تفصیل رسالہ (توضیح المسائل نوین) اور فقھی استدلالی کتاب (تبصرۃ الفقھا) میں ملاحظہ اس وقت ھارے پاس نص آیت کے مطابق معصومین ؑ سے بھی حدیث موجود ھے. بنابر این رضاعی محارم صرف مندرجہ ذیل ھیں :

1 -وہ عورت جس نے اس بچہ کو دودھ پلایا ھے .
2 -تمھاری بھن کہ شیرخوارگی میں دونوں ھی نے ایک دایہ کا دوھ پیا ھے .
3 -وہ لڑکی جس نے تمھاری ماں کا دودھ پیا ھے خواہ تم نے اپنی ماں کا ھو یا نہ.

اگرچہ پیغمبر اسلام (ص) نے دعوت توحیدی کے آغاز سے ھی دین اسلام کا آسان اور سھل شریعت کے عنوان سے تعارف کرایا ھے لیکن مسلمانوں کی جایت سے قرآن سے دوری کا جو اس شریعت میں لباس پھنایا گیا ھے اس نے اس کا چھرہ بگاڑ دیا جو واقعی اسلام کی حقیقت سے منافات رکھتا ھے. چنانچہ سے قرآن کی نص کے مخالف اس محتوای کا نتیجہ بعض اسلامی معاشرے کے لئے ناگوار مشکلات کا باعث ھوا بالخصوص دیھی علاقہ اور قصبہ میں جھاں عورتیں (دائی) کے عنوان سے خدمت کرتی ھیں تاکہ بچوں کو (خواہ ان کے رشتہ دار کے ھوں یا پڑوسی کے) دودھ پلائیں اور ھم اس ادواجی مشکلات کے نمونے حاشیہ میں پیمان کر رھے ھین (۱۳۷۶ھ ش) میین علوم قرآن کا ایک طالب علم ٹیلیفون کے ذریعہ اس طرح سے ایک مسئلہ نقل کیا جو اصفھان کے قمشہ ای قصبہ (ٹاون ایریا) میں رونما ھوا تھا کھتا ھے: یھاں پر رائج یہ ھے کہ صحت مند عورتیں (اپنے رشتہ داروں اور پڑوسی کے بچوں کو دودھ پلاتی ھیں . پھر چند سالوں بعد تقریباً پچاس خانوادہ کے لڑکے اور لڑکیاں مسائل رضاعت اور فتوائے مشھور کی رعایت کی وجہ ایک دوسرے سے شادی نہیں کر سکتی اور سارے مراجوع سے بھی اس سلسلہ میں انھوں نے استفضاء کیا ھے. اور سب نے بالا تفاق اس طرح کی شادی کو حرام جانا ھے اب آپ کیا کھتے ھیں ؟ میں نے جواب دیا: (یستفتونک قل اللہ یفتیکم) تم سے پیغمبر (ص) فتوای چاھتے ھییں تو ان سے کہ دو خدا تمھیں فتوای دے گا. ثانیاً قرآن کریم کی نص سے رضاعت کے باب میں صرف ارو صرف رضاعی ماں اور بھن سے شادی بیاہ حرام ھے اور باقی افراد نامحرم ھیں اور آپس میں شادی بیاہ کر سکتے ھین یہ خوشحال ھوئے اور چند دنوں بعد دوبارہ ٹیلیفوں کر کے بولے: آپ کو خوشخبری دیتا ھوں کہ دس قرآنی فتوےسے تقریباً ۵۰ سخاندانوں کی مشکلات بر طرف ھو گئیں. (والحمد للہ رب العالمین)

قضائی مسائل میں عورتوں کی گواھی :

جنسی امور کے سلسلہ میں عورتوں کی گواھی (مصاعقہ)چپٹی کھیلنے یعنی عورت کا عورت سے جنسی کھیل کرنا) اور کنوارے پن کے علاوہ میں قبول نہیں ھے کیونکہ جنسی جرائم کو دیکھنے کے عورت کا وھاں موجودھونا اخلاق کے خلاف ھے. اور ان کی پاکدامی کے منافی ھے اس کے علاوہ باھر کی رفت و آمد کہ شھادت کا مورد ھو . عام طور پر مردوں کے لئے ھے نہ عورتوں کے لئے . آخر کار مردوں کی ذمہ داری ھے کہ عمومی عفت کی حفاظت کی خاطر جنسی بی راہ روی اور خلاف ورزی کو لوگوں کے مجموع میں انجام پاتے دیکھیں اور ان کا و ھاں پر واجب کفائی ھے. پھر عورتوں کی نوبت ھی نھیں آتی. البتہ پوشیدہ طور پر ھونے

ھے کہ اصرار کر رھی ھیں آیہ (الانثی بالانثی) کو اپنی رائی کے مطابق تطبیق دیں نہ اپنی نظر کو اس کے مطابق ۔ البتہ حضرت امام امیرالمؤمنینؑ نے اس مشکل سے متعلق پیشگوئی کی تھی اور نہج البلاغہ کے ۱۳۸ خطبہ میں بعض حملوں میں فرمایا ھے: (آیات) یعنی حضرت قائم (عج) (ظھور کے بعد) لوگوں کے نظریہ کو قرآن پر تطبیق دیں گے جب کہ لوگ قرآن کریم کو اپنی رائے پر تطبیق دے رھے ھوں گے.یہ خود تفسیر بالرای ھے کہ کوئی براہ راست غور و فکر کرنے اور تعصب سے خالی آیات قرآن میں تدبر کرنے سے پھلے علمی مطالب کو قبول کیا ھے اور اس کے بعد قرآن کی طرف مراجعہ کرے جبکہ انسانی علمی نظریات مطلق ھیں ھیں لیکن وحی الیہ مطلق ھے اور تمام قرآنی آیات خدا کے علم مطلق کی بنیاد پر نازل ھوئی ھیں. پس بعض موارد میں کہ انسانی علوم قرآن کے مطابق نھیں ھیں میں انسان کا نقص نہ اللہ کے علم مطلق کا جبکہ خدا نے مرد کا خون بھا عورت کے دوگنا معین فرمایا ھے تو کیا اس سلسلہ میں انسان کا محدود علم خدا کے لا محدود علم پر اعتراض کر سکتا ھے جبکہ خدا حکیم اور عادل ھے .

سوال نمبر ۲ کے جواب کے دوسرے حصہ میں اس طرح ذکر ھوا ھے: (میں نے اب تک نفس کے دو الگ الگ معنی نھیں دیکھے ھیں) جواب یہ ھے ھم بھی اس نظریہ کے موافق ھیں لیکن میں آپ سے سوال کرتا ھوں کہ اگر کوئی لفظ چند چیزوں کو شامل ھو تو کیا اس نے چند چیز کے دوسری چیزوں سے برابری کے معنی میں ھے؟ مثال کے طور پر کلمہ (شتی) خالق اور مخلوق دونوں کو شامل ھے؟ ایس صورت میں کیا خالق و مخلوق دونوں برابر ھیں / یہ سچ ھے کہ رسول گرامی اسلام (ص) بھی نفس ھیں اور سلمان فارسی بھی نفس) ھیں تو کیا یہ دونوں نفس گرامی برابر ھیں؟ پس مرد اور عورت دونوں نفس ھونے کے باوجود اھمیت اور کارآمد ھونے میں ھی صرف متفاوت نھیں ھیں بلکہ عورتیں مردوں کی طرح ایک دوسرے سے الگ اور متفاوت تیسرا جواب کا جواب: آیہ کریمہ (انثی بالانثی) کے واضح اور آشکار حکم کے مطابق ھنہ الذکر بالانثی) مرد اور عورت کے خون بھا کی درمیان قرآن کا الگ الگ حکم ھے . خواہ ھم کوئی دوسری دلیل رکھتے ھوں یا نہ ، کیونکہ خدا وند عالم مطلق ھے. اور ھم محدود ھیں اور ساری حکتوں کو نھیں سمجھتے ، ثانیاً ھمار استدلال (اگر) کے مبنی پر تھا نہ توریت کی حکم پر قصاص میں مساوات ھو اس وقت عادلانہ کے مقابلہ میں عادلانہ تر اس کے معنی واضح ھیں . لیکن مطلب کے مزید واضح ھونے اور سمجھنے کے لئے ھم مثال دے رھے ھیں. مثلاً تمام لوگوں کی نسبت عادلانہ رفتار رکھنی چاھیئے لیکن نتیموں کے ساتھ نیکی کرنا چاھیئے کہ عدالت سے بالاتر ھے. التبہ صحیح ھے کہ عدالت واجب ھے لیکن یتیم کے ساتھ نیکی کرنا اس سے حسن سلوک سے پیش آنا دوسرا واجب اور عادلانہ تر ھے کہ اگر اس کے مال کی نسبت عادلانہ رفتار رکھی جائے ایک واجب عمل ھوا لیکن دوسرا واجب کہ احسان ھے، ترک ھوگیا ھے. اسلام کی ابدی شریعت میں اسی طرح (ممکن) بھی ھے کہ احکام کے تمام جوانب پر اللہ کے علم مطلق کے مطابق رعایت کی گئی ھے. عورت کا عورت سے قصاص عادلانہ تر ھے اور ھر ایک اپنی جگہ پر دوست ھے لیکن نکتہ یہ ھے کہ آیہ (النفس بالنفس) مرد اور عورت کے خون بھا کا برابر ھونا مشخص نھیں ھے.

بلکہ بطور مطلق نفس کو نفس کے برابر جاتا ھے لیکن آیہ کریمہ (لانثی بالانثی) نے اس کی وضاحت کی ھے اس بنا پر مذکورہ اھم نکتہ کی بنیاد پر توریت اور قرآن کے دونوں ھی حکم ایک دوسرے کے مانند اور عادلانہ ھوں گے.

ثالثاً : (الانثی بالانثی) کا اختصاص اس بات کی علامت ھے کہ پھلی انثی قاتل اور اور دوسری مقتول ھے پس مذکورہ آیت کی نص کے مطابق کسی عورت کے قتل کے بعد صرف قاتل عورت سے قصاص لیا جائے گا نہ مرد ئے چنانچہ (الحربالحر) میں اور (العبد بالعبد) میں صرف مرد (آزاد ، آزاد ئے اور (عبد، عبد سے) قصاص لئے گا. خلاصہ مذکورہ بالا آیت کا مفھوم مرد مرد اور عورت کے قصاص کے درمیان فرق اور اسی طرح آزاد اور غلام کے درمیان فرق کو واضح کرتا ھے کہ اگر عورت اور مرد کے اسی آزاد اور غلام قصاص درمیان فرق ھوتا تو مذکورہ بالا اختصاص غلط ھوتا. اس بناپر اگر ھم فرض کریں (النفس بالنفس) ناسخ ھے. لیکن جیسا کہ ھم نے پھلے حقہ میں اشارہ کیا (الانثی بالانثی) کا اختصاص (النفس بالنفس) کا مبین بیان کرنے والا) ھے

پانچویں کے جواب کے جواب: ہم کہتے ہیں کہ خدا وند حکیم کے احکام میں ایک دوسرے کی نسبت کوئی تضاد نہیں پایا جاتا اور زمان و مکان کے لحاظ سے تبدیلی کے قابل نہیں ہے، لیکن افسوس کہ اجتہاد میں فرق ہے۔ جو اجتہاد کتاب اور سنت کے مبنی پر وہ تشریع ہے ، ارو اگر مختصر طور پر قرآن اور سنت کی بنیاد کی رعایت کی جائے تو اکثریت کا اجتہاد ایک دوسرے کے مطابق ہوگا۔
کیونکہ خطا س معلوم نہ ہونا عامل اتفاق اور اتحاد سے مانع ہے ۔ اس بات کے پیش نظر کہ قرآن اور سنت کے احکام بیان للناس (لوگوں کے لئے بیان اور اللہ کے حجت بالغہ میں مذ اختلاف صفر تک پہنچ جائیں گے یعنی پھر اختلاف ہی نہیں رہ جائے گا۔

اب ہم علمائے الازہر اور فقہائے شیعہ دونوں کے ترتیب وار فتوی کی تحقیق کر رہے ہیں اور ملاحظہ کریں گے کہ علمائے ازہر کے نظرہ میں (چند لحاظ) حم اور موضوع ایک دوسرے سے مخلوط ہو گیا ہے اور ایک دوسرے کے مخالف ہیں۔ اس معنی میں کہ پارلیمنٹ کے اصحاب میں عورتوں کی شرکت ولایت عامہ اور تشریع قانون سے کئی ربط نہیں ہے اور تشریع قانون بھی ولایت عامہ سے کوئی ربط نہیں رکھتا، کیونکہ قانون کذاری نہ تو مرد کا حق ہے اور نہ ہی عورت کا (پیغمبر اکرم (ص) بھی کہ عاقل ترین عقلاء میں تشریع کا حق نہیں رکھتے) بلکہ یہ خدا کا حق ہے ۔ جیسا کہ تفصیل کے ساتھ بحث ہو چکی ہے ۔ اسی طرح پارلیمنٹ کے ممبروں کا اصلی فریضہ ان موضوعات کی احکام سے مطابقت کرنا ہے جو قرآن اور سنت قطعیہ کی روشین میں فقیہ نے استنباط کیا ہے ۔ اور ہر ملک کا کسی بھے امر میں باھر ماہر مرد ہو یا عورت کا بل مشورہ کے بعد موضوعات کی احکام سے مطابقت کرنے صلاحیت رکھتے ہیں ۔ اور کتاب اور سنت کی روشنی انتخابات میں عورتوں کی شرکت کی حرمت پر کوئی خاص نہیں ہے ۔ آخر کار قرآن و سنت کی بنیاد پر ولایت عماہ یا معاشرہ کی رہبری مرد سے مخصوص ہے ۔ بنابراین عورتوں کا ولایت عامہ کے عقیدہ پر فائز ہونے کی ممنوعیت شیعہ فقہاء کے فتوی کی عوان سے صحیح ہے لیکن انہیں کے فتوی کے مطابق ولایت عامہ کی تعریف معاشرہ کی رہبری کے عنوان سے کلی طور پر ولایت عامہ کا مالک ہوانا مرد سے مخصوص ہے لیکن بعض قوانین ک ا اجراء کہ ولایت سے بالاتر ہے عورت اور مرد کے درمیان مشترک ہے اور قضاوت کے باب میں بھی کتاب اور سنت کی روشنی میں عورت کے فیصلہ کرنے کی حرمت یا اس کے وجوب پر ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں ہے بلکہ معصومین (ع) کی نسبت میں یہ عبارت (لیس علیہن) مورد تاکید واقع ہوئی ہے کہ عورتوں پر فیصلہ کرنا واجب نہیں ہے، مذکہ حرام ہو، یعنی عورتوں کا فیصلہ کرنا جائز ہے لیکن بعض فقہاء نے ما (لیس علیہن) کو (لیس لہن) سے خلط کر دیا ہے اور (عورت کی قضاورت کے حرام ہونے کا) فتوی دیا ہےف پس جیسا کہ ملاحظہ ہوا اجتہاد آپس میں تضاد رکھتے ہیں نہ خداوند علیم اور حکیم کے احکام ۔

٦اور٧ نمبر کا جواب کاجواب: دونوں ہی مورد مین استدلالی توضیحات بحث تکمیل اور حجب شرعی کے اتمام کی خاطر تھی تاکہ حکم قصاص پر ہر قسم کے اعتراض کا سابقہ بند ہو جائے۔

جواب نمبر٨ کا جواب: پہلے سوال کا جواب : ہاں، یہ ایک ثابت اور پائیدا قانون ہے کہ کلی طور پر تولید کی صلاحیت قیمت گذاری کی بنیاد پر زیادہ سے زیادہ ہوگی۔ خواہ اقتصادی مسائل میں ہو یا اس کے علاوہ ف اور حکومتوں کی جانب سے آبادی کے بڑھنے پر روک لگانے والا قانون تولید کی صلاحیت کے کم ہوئے سے کوئی ربط نہیں رکھتا۔ اس وقت اگر اس کی تولید مثل کو کسی زمانہ میں چیراً روک دیں تو بھی اس کی صلاحیت اسی طرح پوشیدہ اور موجود ہے کلی طور پر مرد کی تولید قتل کی صلاحیت دو لحا ظ سے عورتوں سے زیادہ ہے ۔

طولا، یعنی مرد کے اندر تولید قتل کی صلاحیت عورت سے زیادہ ہوتی اور اس کی عمر بھی زیادہ ہوتی ہے۔

کیونکہ عورت یائسہ ہوتی ہے لیکن مرد کی صلاحیتیں مدتوں باقی رہتی ہیں ۔ اسی طرح عورت کو حیض و نفاس کی حالت میں مخدور پیش آتا ہے مگر مرد کو یہ مذکورہ حالات کا سامن نہیں ہوتا ۔

3 - عرضاً یعنی آیہ کریمہ (...آیات) کے مطابق مرد ایک ہی وقت میں ایک عورت سے زیادہ سے شادی کر سکتا ہے اور یہ حکومت کے قانون کا مخالف بھی نہیں ہے۔
اورتلید مثل بیشتر کا مصداق ہے ، اگرچہ قانون کو یہ حق حاصل ہے کہ اس ازدواج

سے مانع ھو اس وقت شریعت حکومتوں کے قوانین کی تابع نھیں ھے جب تک کہ بچوں کی غذا فراھم کرنے اور تربیت کرنے میں عروحرج نہ پایا جائے تولید آزاد ھے. اور آیہ کریمہ (آیات) کے مطابق خوشحالی کی صورت میں تولید مثل واجب ھے.

4 - دوسرے سوال کا جواب : نھیں، قصاص کا حکم دونوں ھی مورد میں یکساں ھے کہ ۳ نمبر کے جواب کے جواب میں اس کی علت بیان ھوئی ھے. ۹نمبر، جواب کا جوابک تیسرے سوال کے جواب میں مبلغ دیہ کی تعین پر اکتفاء کرنا اس وجہ سے تھا کہ مرد کو کسی دوسرے مرد کے قتل کرنے ۹ کی صورت میں قصاص کرتے ھیں .

5 - جواب نمبر ۱۰، کا جواب: اولاً ناچیز مرد اور عورت کے درمیان معنوی اور روحانی اھمیت کے تفاوت کا نہ قائل تھا اور نہ ھوں ، جیسا کہ قرآن کریم کا اتباع کرتے ھوئے ھم عر کریں گے : (آیات) یقیناً اللہ کے نزدیک تم میں و ہ عزیز اور مکرم ھے جو سب سے زیادہ با تقوی ھو . مرد اور عورت کے مورد میں حکم قصا کی تشریح خدا کے حم سے ھے اور ھم سے کوئی رابطہ نھیں رکھتی ف چونکہ ناچیز اس کا قائل نھیں ھے بلکہ ناقل ھون وہ بھے اسوۃ حسنہ کی پیروی کرتے ھوئے یعنی رسولخدا (ص) کہ آنحضرت بھی احکام خدا وندی کے نقل کرنے والے تھے . جیسا کہ (آیات) تم سے (پیغمبر (ص)) فتوی طلب کرتے ھیں تو (ان سے) کہ دو خدا تمھیں فتوی دے گا.

ثانیاً : ھاں، وہ بھائی جس کا گردہ اس کی بھن کے گردہ کے مقابل دوگنا اھمیت رکھتا ھے اس نے ایک گردہ دے کر کچھ مقدار میں عمل سے ھاتھ دھو بیٹھا ھے . لیکن ان ایثار کے مقابلے میں اپنی بھن کی نجات ک باعث ھوا ھے، اس بنا پر ھر شخص آسانی سے سمجھ لیتا ھے کہ بھن کی جان بچان بھائی کے جسم میں نقص آنے سے زیادہ اھم ھے، اور بدن میں جزئی نقص بھن کی حیا ت ر کہ کلی نقص کی تلافی ھے سے کمتر ھے در حقیقت اس نے ایک مرد کے عنوان سے اپنی فعالیت اور سرگرمی کو کھو بیٹھا ھے. لیکن اس نے اپنی انسانی فداکاری سے اپنی تمام تر حیاتی چیز اپنی بھن کو دیدیا ھے . اور خط میں جو مثال ذکر کی گئی ھے وہ مذکورہ بالا موضوع سے کوئی ربط نھیں رکھتا ف کیونکہ مذکورہ مثال میں اس کے بعد کہ بھائی نے اپنے سابق گھر اپنی بھن کے سابق گھرکے دوگنا تھا. وہ اپنی بھن کو دیدیا تو بھن پورے گھر کی مالک ھو گئی اگرچہ اس کے نصف سےاستفادہ کرے اور گر کوئی عمداً گھر کے دوگنا تھا وہ اپنی بھن کو دیدیا تو بھن پورے گھر کی مالک ھوگئی . اگرچہ اس کے نصف سے استفادہ کرے اور اگر کوئی عمداً گھر کو خراب کرڈالے تو وہ بھن پورے گھا کا خسارہ اس سے لے گی کیونکہ وہ پورے گھر کی مالک تھی ، البتہ ناچیز کو حیرت ھے کہ مذورہ بالا موضوع کو گردہ ھبہ کرنے سے کیسے ربط دیا ھے.

جواب نمبر ۱۱، کا جواب: اولاً قرآن کی روشنی میں (اللہ کے نزدیک) مرد اور عورت معنوی اور روحانی قدروقیمت کا تقوی کی بنیاد پر محاسبہ ھوتا ھے ثانیاً مردوں کی نسبت عورتوں کی تعداد زیادہ ھونا پوری تاریخ میں مردوں اور عورتوں درمیانی آبادی اور تعداد سے مربوط ھے ثالثاً : یھاں پر انسانوں کی تعداد اللہ کے علم مطلق کے مقابل جو پوری تاریخ سے مربوط ھے، واقع ھوا ھے کیونکہ پھلی طرف میں کسی زمانہ بتائی گی تعداد (وہ بھ ایک انسان کے لحاظ سے مردوں کی تقریبی تعداد عورتوں سےزیادہ بتائی گئی ھے، جبکہ دیھات کی عورتیں معمولاً (بالخصوص یکسری زیبا کی عورتیں ھوتی ھیں) خود کو مردم شماری کی فھرست میں نھیں لاتی . ور دوسری طرف ھم دیکھتے ھیں کہ خدا وند عالم مرد اور عورت کی دقیق تعداد جانبہ کے باوجود (جنگوں اور دیگر اسباب و ملل کی بنیاد پر) (مثنی و ثلاث و رباع) کی حد تک تعدد ازدواج کو جائز جانا ھے. اب ھم نامہ نگار سے سوال کر رھے ھیں کہ : کیا اللہ کے علم مطلق کے مقابلے میں انسانی مردم شماری کی کوئی اھمیت ھے؟

آخر کار آپ آیہ کریمہ (مثنی و ثلاث و رباع) کےبارے میں کیا کھتی ھیں/ کیا آپ علم الھی کو بھی خطا جانتی ھیں؟ اس جواب کے اختتام پر ایک ادلی سولا کریں گے . اگرچہ (مھندس ژیلا موحد) نے (الانثی بالانثی) کے مبین ھونے سے متعلق ناچیز کے استدلال اور اصلی جواب کی جانب اور نہ ھی اس کے منسوخ نہ ھونے کی طرف کوئی اشارہ نھیں کیا ھے.

سوال کا مقدمہ: اولاً : ان کی تصریح کے مطابق مقالہ میں مذکور تینوں . آیتوں کے ترجمہ میں (نفس واحدہ) حضرت آدمؑ ھیں ثانیاً عربی ادب کی بنیاد پر (نفس واحدہ) مفرد اور خاص ھے اور (من) کے معنی بھی لفظی اعتبار سے یہیا پر (تبعیض ھے . بنابریں (خلق زوجھا ...) تفسیر بالارائی کے علاوہ یعنی (اس سے اس کا جوڑا خلق کیا. ثالثاً عورت کا انسان ھونا یقینی ھے اور اس کی وضاحت کی ضرورت نہیں ھے تاکہ یہ جنس کی تعیین کریں. ھمارا آپ سے سوال یہ ھے کہ آپ نے مقالہ میں درج شدہ تینوں

آیتوں کو (اس کی جنس سے) اس کی بیوی کو خلق کیا .) معنی کیا ھے/ ضمنی طور پر خط کے آخر میں اگر دعا خدا سے طلب حاجت کے لئے ھو تو اس خط میں لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ھے. چونکہ خدا وند علام سمیع و بصیر ھے اگر اپ کا مقصد یہ ھے کہ اشارہ و کنایہ یعنی ناچیز کو ابن الوقت خود غرض ک ھنا چاھتی ھے، بھتر تو یہ کہ آپ منصفانہ فیصلہ کریں اور انصاف سے کام لیں . کیا کوئی شریعت توریت کے حکم کو وہ اپنی سمجھ کے مطابق) قرآنی شریعت کے حکم پر ترجیع دیتا ھے وہ بے غرض ھے ؟ اور جو چادرانی شریعت اور خاتم قرآن کے حکم کو گذشتہ شریعتوں کے حکم پر ترجیع دیتا وہ خود غرض ھے ؟

سا جواب دینے والی جسطرح گذشتہ جواب میں اعلان کیا ھمیشہ تحریری جواب دیتی حضوری ٹیلیفونی ، ٹیلیویژن انٹرنیٹ اور فیکس سے قرآن مھجور اور سنت مظلوم سے متعلق تمام سوالوں کئے جواب دیتے کی آمادگی رکھتا ھے.

والسلام علی عباد اللہ الصالحین قم الشریف.

جمعہ ، ۱۳۸۳/۱۲/۱۱.

دوسرے جواب کے جواب میں خانم ژیلا موحد شریعت پناھی کا ایک خط)

دو بار ہ ڈاکٹر صادقی تھرانی کا شکریہ ادا کرتی ھوں کہ انھوں نے اپنا قیمتی وقت احکام الھی کے واضح کرنے میں صرف کیا ھے. مورخہ ۱۳۸۳/۱۲/۱۱ش، کے جواب اجوب میں ان کی عدقت میں فھرست وار مطالب پیش کر رھی ھوں .

الف: (فقہ س منسوب قاعدہ) سے متعلق بحث میں یعنی (کلما حکم بہ العقل ، حکم بہ الشرع و ر ...) میں اس طرح نتیجہ اخذ کیا ھے کہ : چونکہ عقلیں مختلف ھوتی ھیں ان کے احکام بھی مختلف ھو جائیں گے، نتیجتاً شریعت تضاد اور تناقض کا شکار ھو جائے گی. جواب: ھاں ! پوری تاریخ اسلام میں بھی اس طرح کا اتفاق ھوا ھے یھا ں تک کہ اب بھی اسلام میں سالامی چند فرقے پائے جاتے ھیں اور سارے کے سارے خود کو کتاب اور سنت کا تابع جانتے ھیں اور اس کے باوجود ایک دوسرے کو برداشت کئے ھوئے ھیں اور ان کو قانونی حیثیت سے پھچانتے ھیں اور حج کے مراسم میں ایک دوسرے کے ساتھ برادرانہ اور خواھرانہ طور پر عباد کرتے ھیں. اب یہ مجتھدین کی ذمہ داری ھے کہ پھر بھی اپنی عقل کا استعمال کرکے اور علمی اور فنی (استحصالی علم) کی ترقیوں اور ھماھنگیوں کے ساتھ اور اس میں غور و حوض کرکے اسی کتاب اور سنت سے کچھ احکام استخراج کر یں کہ استحصالی علم سے تضاد اور ٹکراؤ رکھتا ھو، ورنہ گالیلہ سے دانور اور رانڈرک جیسے مجاھدین کے ساتھ وھی کای جائے گا جو درمیانی صدیوں میں ھوتا تھا.

ناچیز کی نظر میں آیہ کریمہ (آیات) پر عمل کرنے کی غرض سے اس کا علمی اور قرآنی حل صرف درالتقریب مذاھب اسلامی تمام علماء مجتھدین ، صاحبان نظر اور ماھرین کی ایک کمیٹی بنانا ھے تاکہ تفکر ، تعقل ، تدبر اور شورای کی بنیاد پر قرآن پر بھترین طریقے سے عمل کریں اور عالم اسلام کو اختلاف اور تفرقہ سے نجات دلائیں.

1 - ب) سلسلہ بنا کو جاری کھتے ھوئے لکھا ھے : (کیا عقل یہ حکم کر سکتی ھے کہ صبح کی نماز دو رکعت ھو یا تین رکعت)

جواب: جھاں پر قرآن کریم نے خاموشی اختیار کی ھے اور صحیح سنت (غیر اتفاقی اور غیر متضاد قرآن) اس طرح نقل ھوئی ھے کہ پیغمبر اسلام نے صبح کی نماز دو رکعت پڑھی تھی اور سورہ ممتحنہ کی آیت نمبر ٦، میں ارشاد ھوتا ھے: (آیات) پس اس کو عقل سلیم بھی قبول کرتی ھے نماز صبح کا دو رکعت ھونا بھی عقل سلیم سے کوئی ٹکراؤ نھیں رکھتا . (مطمئن رھیں کہ اگر یہ حکم قرآن کی نورانی آیات کے متضاد ھوتا تو ھم اس میں چون و چرا کرتے.

2 - الف) آیہ کریمہ (الانثی بالانثی) سے متعلق اس طرح نتیجہ اخذ کیا ھے کہ بعض موارد میں کہ انسانی علوم قرآن کے مطابق نھیں ھے یہ انسان کی کمی ھے کہ اللہ کے علم مطلق کی جبکہ خداوند عالم نے مرد کا خون بھا عورت کے دوگنا معین فرمایا ھے تو کیا انسان کا محدود علم اس سلسلہ میں اللہ کے لا محدود علم پر اعتراض کرسکتا ھے جبکہ خداوند حکیم اور عادل ھے؟

جواب: نھیں، انسان کا محدود علم کسی بھی مسئلہ میں اللہ کے لامحدود علم پر اعتراض نھیں کر سکتا لیکن ھماری گفتگو یہ ھے (کیا خدا نے مرد کا خون بھا عورت کے دوگنا معین فرمایا ھے یا نھیں؟ کیونکہ آیہ (انفس بالنفس) اس دعوی کے مخالف ھے ؛ ثانیاً (الانثی بالانثی) سے متعلق یعنی عورت کا صرف عورت سے قصاص کرنا چاھئے ، سوال یھاں پر ھے ؟ تو پھر اگر کسی عورت نے کسی مرد کو قتل کر دیا تو کسی قید و شرط کے بغیر اسے قتل کر دیتے ھیں ؟ کیا اس کے علاوہ ھے کہ آیہ (النفس بالنفس) پر عمل کرتے ھیں.

٣ - دوسرے حصہ کے آخر میں ذکر کیا گیا ھے کہ : (یہ صحیح ھے کہ مرد اور عورت دونوں نفس ھیں ؛ لیکن یہ بات تساوی مطلق کو ثابت نھیں کرتی ، جیسا کہ رسول اللہ(ص) بھی نفس ھیں اور سلمان فارسی بھی نفس ھیں کیا یہ دونوں مکرم نفس آپس میں برابر ھیں ؟

جواب: اولاً خداوند حکیم فرماتا ھے : (خلقکم من نفس واحدۃ) پس خداوند حکیم کے ارشاد کے مطابق یہ دونوں نفس آپس میں برابر ھیں – ثانیاً خود آقا صادقی تھرانی کی گواھی کے موجب کہ مرد کا مرد سے قصاص لینا صحیح جانتے ھیں ، یہ دونوں نفس چونکہ دونوں ھی مرد ھیں لھذا قصاص کے اعتبار سے برابر ھیں –

٣) (الف) (خط کے اس حصہ میں نا چیز کے دو جواب کا ذکر کرنا کہ پھلا حصہ مکمل طور پر کہ دوسرا حصہ ناقص نقل ھوا ھے کسی دلیل کا ذکر کئے بغیر ان دونوں کو نقیض جانتے ھیں) انھوں نے پھلی مثال دو مرغی سے دی ھے (کہ ان میں سے ایک روزانہ دو انڈے دیتی ھے اور ایک ھر روز ایک انڈا دیتی ھے تو ایک دونوں کی اقتصادی اور جسمی اھمیت ایک ھی ھے ؟

اور انھوں نے پھلے اور موجود خط کے جواب میں جو جواب دیا ھے یہ ھے کہ : کلی طور پر تولید (بچہ پیدا کرنے) کی صلاحیت اھمیت کا اندازہ لگانے کا معیار ھے) اور نتیجہ نکالا ھے کہ چونکہ مردوں کے اندر تولید مثل کی صلاحیت عورتوں کی نسبت زیادہ ھوگی ھے پس ایک دیت تعلیم یافتہ عورت کی دیت ایک جاھل اور ان پڑھ مرد سے زیادہ ھے لیکن یہ قانون کی کلیت پر کوئی خدشہ وارد نھیں کرتا) یعنی اس کے باوجود کہ ایک تعلیم یافتہ خاتون کی اقتصادی اھمیت ایک جاھل مرد سے زیادہ ھے لیکن پھلی مثال کے بر عکس اس کی دیت اقتصادی قیمت گذاری کے لحاظ سے معین نھیں ھوتی اور کلیت قانون (یعنی مرد کی دیت کا عورت کے دوگنا ھونا) تبدیل نھیں ھوگا

یہ اس تناقض کی رد میں لکھتے ھیں : طبیعی طور پر ایک استثنائی قانون بھی ھے) اور اپنی گفتگو کی آگے بڑھا تے ھیں : پس یہ اس سوال کا جواب دیں : کیا انسانوں کا عاقل ھونا ایک یا چند دیوانہ کی وجہ سے نقض ھو جاتا ھے ؟ جواب : اس سوال کا جواب موجودہ صورتحال کہ متفقہ طور پر اکثر انسان عاقل ھیں (نھیں) ھیں لیکن اگر کوئی ایسا زمانہ آجائے کہ اکثریت دیوانہ ھو جائے اس وقت اس سوال کا جواب (ھاں) ھوجائے گا – اب ھو ایک اسی کے مد مقابل سوال قائم کر رھے ھیں : (اگر کسی دور میں تعلیم یافتہ عورت کی تعداد تعلیم یافتہ مردوں کے برابر ھو جائے (یا اس سے زیادہ) تو کیا اس وقت موجودہ قانون قصاص میں کوئی قید تبدیلی آئے گی)

۴) الف) انھوں نے اس حصہ کے آغاز میں دوبارہ آیہ کریمہ (الانثی بالانثی) سے استناد کیا ھے اور اسی بنیاد پر استدلال کیا ھے کہ ھم کو اسی حصہ کی طرف رجوع کرنے کی دعوت دیتے ھیں

۵) (الف) علمائے ازھر کے نظریہ کو رد کرنے کے بعد لکھتے ھیں : (کتاب اور سنت سے انتخابات میں عورتوں کے شریک ھونے کی حرمت پر ھمارے پاس کوئی دلیل نھیں ھے)

جواب : اگر اب تقریباً ۴۰ سال کے بعد علمائے ازھر اور تقریباً تمام علمائے شیعہ کے فتوے سے معلوم ھوا کہ (انتخابات میں عورتوں کا شریک ھونا حرام ھے) باطل رھا ھے ، میں روشنفکر ایک مسلمان خاتون کیسے مطمئن ھو جاؤں کہ (مرد کا خون بھا عورت کے دوگنا ھے) جبکہ (النفس بالنفس) اور (خلقکم من نفس واحدۃ) جیسی کتاب الھی سے واضح دلیل موجود ھے

۵-ب) انھوں نے لکھا ھے گفتگو کا سلسلہ آگے بڑھاتے ھوئے : (فیصلہ کرنے کے سلسلہ میں بھی عورت کے قاضی ھونے کی حرمت یا اس کے وجوب صادر ھوئی ھے اور امید ھے کہ آقای صادق تھرانی جیسے علمائے کی طرف سے مزید تحقیق کے ساتھ عورتوں کے دیگر باقی پامال شدہ حقوق کا بھی احیاء ھو جائے - انشا اللہ !

۸) اس کا جواب بھی وھی ھے جو تیسرے حصہ میں دیا گیا ھے لھذا اسی جگہ رجوع فرمائیں

۹) ھم اس حصہ میں ملاحظہ کرتے ھیں کہ آقا صادقی تھرانی کے نظریات ان کے کتاب و سنت میں غور و خوض کرنے کی بنیاد پر ھیں جمھوری اسلامی ایران کے موجودہ قانون گذاروں کے نظریات کے ساتھ اور شوری نگھبان کہ مطمئن طور پر اپنے تعقل سے کتاب و سنت سے استخراج کیا ھے ، متضاد ھیں کہ اس کا واحد حل (ا- ب) حصہ کی خصوصیات کے ساتھ دارالتقریب مذاھب اسلامی کی تاسیس ھے -

۱۰) گردہ کی مثال میں شباھت کی وضاحت کے لئے ھم مزید وضاحت کر رھے ھیں : چونکہ نصف دیہ کے طرفدار حضرات کا یہ خیال ھے کہ ایک مرد کا گردہ ایک عورت کے جسم میں ایک مرد کا نصف کام کرتا ھے تو ھم نے بھی یہ تشبیہ دی کہ وہ بھن جس کو اس کے بھائی نصف گھر ھبہ کرتا ھے ؛ سے استفادہ کرے اور یہ استدلال کہ اگر کوئی شخص بھن کے گردہ سے کہ پھلے بھائی کا تھا نقصان پھونچا دے (تو بھن نصف دیت لینے کی حقدار ھے) اس کو ھم نے اس دلیل سے رد کر دیا کہ اگر کوئی بھن کو ھبہ کیا ھوا گھر خراب کر ڈالے تو اسے پورا خسارہ بھن کو دینا چاھیے اگرچہ وہ نصف گھر سے استفادہ کر رھی ھو -

۱۱) انھوں نے انسانوں کی آبادی اور تعداد سے متعلق دوبارہ استدلال کیا ھے کہ (کیا خدا کے علم کے سامکنے انسانی تعداد کی کوئی اھمیت ھے ؟)

جواب: کسی بھی قرآنی آیات میں اس کا ذکر نھیں ھوا ھے کہ عورتوں کی تعداد مردوں سے زیادہ ھے اور اگر یہ سورہ نساء کی آیت ۳ سے استدلال کریں تو ھم بھی جواب دیں گے اولاً : اس آیت نے عورتوں کو ۴ بیویوں میں محدود کیا ھے (کیونکہ آیت کے نزول سے پھلے کوئی محدودیت نھیں تھی) ؛ ثانیاً اس آیت میں جواز کا ذکر کیا ھے واجب نھیں کیا ھے : ثالثاً عدالت کی شرط کے ساتھ ھے اور عدالت نہ کرنے کے خوف کی صورت میں ایک عورت پر اکتفا کرنے کا حکم دیا ھے ، رابعاً : سورہ نساء کی ۱۲۹ ویں آیت میں ذکر ھوا ھے : (اور عورتوں کے درمیان عدالت برقرار کرنے کی استطاعت نھیں کرتے اگر حریص بھی ھو) اگر غیر جانبدارانہ نہ اس مرد کی نظر سے جو چار عورتوں کا نظریہ رکھتا ھے ؛ اس سے مربوط تمام آیتوں اور شرائط برقرار کریں تو ھمیں اندازہ ھوگا کہ یہ آیتیں (مومن مردوں کو گام بہ گام ایک عورت کی جانب ھدایت کرتی ھیں کہ ایسی صورت میں خدا کا حکم اور علمی تعداد و شمار بھی ایک دوسرے سے ھم آھنگ ھوا ھے اور ان کے درمیان معمولی بھی تضاد نھیں پایا جاتا -

۱۲) الف) پھر بھی جب ((الانثی بالانثی) ذکر ھوتی تو اس کا جواب بھی وھی دوسرے حصہ (۲- الف) کا ھوگا -

۱۲ ب) لکھا گیا ھے : (مقالہ میں مذکورہ تینوں آیتوں کے ترجمہ میں ان کی تصریح کے مطابق نفس واحد سے مراد حضرت آدم(ع) ھیں)

جواب : نهیں ! ناچیز نے مقاله میں کهیں بهی ایسی کوئی تصریح نهیں کی هے شاید آقا صادقی تهرانی کی مراد مقاله کے آغاز میں شاید تیسری آیت کا ترجمه هے جس کی ذمه داری مترجم محترم ڈاکٹر سید جلال الدین مجتبوی پر هے نه بنده پر – (اگر هم آیت کی عربی عبارتوں کی دقیق پابندی کریں جیسے نفس ، مونث اور واحده بهی مونث هے (اگرچه مترجمین اور مفسرین نے کسی قرآنی دلیل کے بغیر هی اس کو مذکر مانا هے) بهت احتمال هے که پهلا نفس، مونث هو جیسے حضرت مریم (ع) کے سلسله میں اور حضرت عیسی (ع) کے اعتبار سے مذکر تها ذکر کیا هے –

۱۲ – ج) (اس کا مطلب یه هے که اس سے ان کا جوڑا پیدا کیا) مقاله نگار کا مورد تا ئید رها هے -

۱۲ –د) سوال کیا هے : آپمقاله میں ذکر شده تینوں آیتوں کا (اس کی جنس سے اس کی بیوی کو خلق کیا) کس دلیل سے اس طرح سے معنی کیا هے ؟

جواب : اولاً ، تهران یونیورسٹی کے استاد ڈاکٹر سید جلال الدین کے ترجمه میں جو اداره نشر و اشاعت وزارت فرهنگ و ارشاد و اسلامی (خلق منها زوجها) کے ترجمه میں اس طرح آیا هے : اس کا جوڑا اس کی جنس سے خلق کیا) ثانیاً کلمه زوج عربی زبان میں (بیوی کے لئے بهی اور شوهر) دونوں کے لئے استعمال هوا هے اس بنا پر فارسی میں کلمه زوج کا دقیق ترجمه (همسر) هوگا نه (عورت) یا (شوهر)

خوش قسمتی سے ان تمام آیتوں میں جهان زوجیت کا ذکر هوا هے وهاں کفو هونے کا ذکر هوا هے –

۱۲ – ه) آخر کار انهوں نے شکوه کے عنوان سے ذکر کیا هے : (اگر خط کے آخر میں خدا سے طلب حاجت کے عنوان سے دعا هے تو خط میں لکهنے کی ضرورت نهیں هے کیونکه خداوند عالم سمیع و بصیر هے اور اگر مراد یه هے که بنده کو اشاره و کنایه میں خود غرض اور نقاد بتانا هے ...)

جواب : بنده تقریباً ناقدین کو خود غرضی سے عاری جانتا هوں (اصل برائت) منجمله آقا صادقی تهرانی کو اور اس وقت کافی خوش هوں که ان کے اعتراضات ناچیز کے مد نظر مطلب پر زیاده سے زیاده غور و فکر کرنے باعث هوئے اور اگر درباره جواب دیا گیا هے تو هم خدا کو گواه بناتے هیں که میرا مقصد فتنه و فساد اور تو هین سے دور نظریات کا تبادله تها اسی طرح دعا کا ایک دوسرا اثر ایک نظریه اور تفکر کا رواج جانتی هوں - اس بنا پر اس دعا کے انتخاب سے ناقدین حضرات کو مطمئن کرنا مقصد تها اگر ان کی تنقیدیں بے غرض هوں چونکه میں خود کو بهی بے غرض جانتی هوں تدریجاً حقیقت قرآنی کی سمت آگے بڑهوں گی تاکه انشا الله آیه کریمه (فبشر عباد الذین یستمعیون القول فیتبعون احسنه) پر عامل هو سکوں – اس بار بهی ایک دوسری دعا انتخاب کرکے خداوند عالم سے عاجزانه درخواست کرتی هوں که خدایا مجهے اس طرح کشاده دلی اور عقل سلیم عطا کر که تلخیوں کو قبول کر کے حقیقت کی شیرینی محسوس کروں –

آمین یا رب العالمین

ژیلا موحد شریعت پناهی ۱۳۷۵/۲/۷ش

خانم ژیلا موحد کے خط کا حضرت آیه الله صادقی نے تیسرا جواب دیا جس کے بعد کوئی جواب نهیں آیا-

بسم الله الرحمن الرحیم

خانم منیدس ژیلا موحد کے تیسرے خط کا جواب لکهنے سے پهلے (مورخه ۱۳۷۵/۲/۳۰ش) دریافت هوا) همیں عرض کرنا چاهیے که (جریده ایران فردا) کے کارندوں کی نظر میں قلم و بیان کی آزادی کا حیرت انگیز مطلب هے ؛ کیونکه ان کا مقاله مرداد ماه ۱۳۷۴ش کو مکمل طور پر شائع کرتے هیں (که اس کے مضمون میں جواب کی درخواست درج هوئی هے) لیکن اس کا جواب که کم از کم مذکوره مقاله کی سطروں کے بقدر شائع هونا چاهیے ؛ نه صرف وه لوگ شائع نهیں کرتے بلکه ایران فردا) جریده کے ص۷۹ شماره ۲۴، پر مورخه اسفند ماه ۱۳۷۴ ش کو اس بهانه سے که (بهت سے قارئین مجله جزئی مطالب پڑه کر استفاده نهیں کر سکتے - جواب شائع کرنے سے انکار کر دیتے هیں !! لیکن هم

یهیں پر عرض کریں گے : اولاً : کیونکه انهوں نے بحث کو طالب علم کے عنوان سے ذکر کیا هے لهذا جواب بهی اسی طرح هونا چاهیے اور جو بهی طالب علمی کے اعتراض کو سمجھ لے وه اس کا جواب بهی سمجھ لے گا ثانیاً همارا جواب طالب علمی اور حوزه والا نهیں هے – بلکه نص آیه قرآن سے استدلال کی بنیاد پر هے که هر عاقل انسان اسے سمجهتا هے : ثالثاً کیا یه درست هے که مجله میں اسلام کا حکم علنی طور پر زیر سوال جائے ، لیکن اس کا جواب (طالب علمی بحث) کے بهانه شائع نه کریں ؟ کیا اگر کوئی قرآن پر ایمان رکھتا هو اور جو هم قرآن کا دفاع واجب نه جانتا هو ؟ یقیناً اس طرح کی بحث اور ایسا رویه ایک دیندار اور شریعت کے پابند انسان کا نهیں هے چه جائیکه وه لوگ جو روشنفکری کا دعوی کرتے هیں ! کیا روشن فکری کا یهی مفهوم هے ؟ ! کیا انسانیت کا یهی مفهوم هے ؟ ! کیا آزادی کا یهی مفهوم هے ؟ لیکن اگرچه خانم ژیلا موحد نے ابهی بهی میرے جواب بالخصوص اس میں ذکر شده نحوی سوالات کا صحیح جواب نهیں دیا هے ، لیکن بعض قارئین کے زهنوں سے شکوک و شبهات دور کرنے کے لئے ان کے تیسرے مقاله کا جواب مندرجه ذیل صورت میں تحریر کر رهے هیں !

جواب (۱- الف) اولاً معلوم نهیں هے که ان کے دوسرے اور تیسرے مقاله میں قاعده (کلما حکم به ... فقهی هے یا فقه کی طرف منسوب هے – اگر فقهی هے تو پهر فقه کی منسوب کیوں لکهتی هیں اور اگر فقهی نهیں هے بلکه فقه کی طرف منسوب هے تو پهر بحث کرنے کی ضرورت هی نهیں هے لیکن اسلام میں موجود مختلف فرقوں کے در میان اختلاف کی علت یه هے که عملی طور پر نه لفظی کتاب و سنت کے اصلی محور میں یعنی تفسیر بالرائ نه هو؛ اتفاق نهیں رکهتے اور اگر قاعده (کلما...) درست هو تو شریعت کو بهی مختلف هونا چاهیے – لیکن شریعت میں یک نیت اور وحدت پائی جاتی هے اس لئے مختلف فرقے غلط هیں اور شریعت سے مختلف نتیجه گیری بهی شریعت کے سرچشمه میں اختلاف پر دلیل نهیں هے ؛ اس وقت شرح کا اصلی سر چشمه قرآن هے که وه بهی متروک هے اور آیه کریمه کے مطابق مسلمانوں پر (واعتصمو ا بحبل الله جمیعاً) قرآن اور حدیث سے تمسک کرنا واجب هے اور سارے کے سارے مسلمان (تفرقه کے بجائے) اتحاد اور یکجهتی کا مظاهره کریں اور در حقیقت تمام مسلمان حقیقی اتحاد کے سایه میں آجائیں تاکه تمام اسلامی سر زمین (دارالوحدۂ الاسلامیه) بن جائیں .

جواب (۱- ب) مندرجه ذیل لحاظ سے عقل دو پهلو کی حامل هے : یا انسان کسی چیز کو عقلاً محال جانتا هے یا ممکن اور ممکن کی بهی دو قسمیں هیں : یا انسان دوسروں کی ضرورت کے بغیر کسی چیز پر عقلی احاطه رکهتا هے یا نهیں رکهتا اور اس کو محال بهی نهیں جانتا ؛ نماز صبح کا دو رکعت هونا آخری قسم سے تعلق رکهتا هے که انسان کی مثل اسے محال نهیں جانتی لیکن دلیل کی محتاج هے لیکن افسوس که یهاں پر ڈاکٹر ژیلا موحد دوسری قسم کے امکان که پهلی قسم کی جگه پر رکھ دیا هے اور اس طرح مغالطه کیا هے که نماز صبح کے دو رکعت هونے کے حکم میں عقلاً کوئی ٹکراؤ نهیں هے ؛ هاں هم بهی کهتے هیں که اس میں کوئی ٹکراؤ نهیں ، لیکن میرا کهنا یه هے که (حکم به العقل) عقل کے ذریعه حکم کا حتمی هونا) کسی حکم کا عقل سے معارضه نه کرنا فرق کرتا هے – کیا عقل سنت قطعیه سے آگاهی کے بغیر دو رکعت کے یقینی هونے کی تشخیص دے سکتی هے ؟ ! پس هم دیکهتے هیں که یه شرعی حکم (حکم به العقل نهیں هے .

جواب (۲- الف) کا جواب : هاں اولاً خدا نے (الانثی بالانثی) حکم شریعت قرآنی کی بنیاد پر مرد اور عورت کے خون بها کے درمیان فرق کو مشخص فرمایا هے ؛ ثانیاً : پیغمبر اکرم (ص) کی سنت قطعیه کے مطابق که وحی قرآن کے ساتھ ساتھ هے مرد کا خون بها عورت کے دوگنا معین فرمایا هے که تمام مسلمانوں کے نزدیک مورد قبول هے – ثالثاً : آیه (النفس بالنفس) خواه مطلق هو خواه مبین دونوں هی صورتوں میں قرآنی حکم کو نقض نهیں کر سکتا ؛ کیونکه پهلی صورت میں (اطلاق) که مندرجه ذیل تمام حالات کو شامل هے یعنی (۱- عورت ، عورت کے مقابل – ۲- مرد ، مرد کے مقابل .

۳- عورت مرد کے - ۴ – مرد عورت کے مقابل هو تو ریتی حکم کے عنوان سے (الانثی بالانثی) قرآنی حکم کے توسط منسوخ هو جاتا هے دوسری صورت (مبین هونے) میں یه هوگا که ایک عورت ایک عورت کے مقابلے میں ایک مرد ایک مرد کے مقابلے میں نه چند عورتیں ایک عورت کے مقابله میں یا چند مرد ایک مرد کے مقابلے میں یهاں تک علامه طباطبائی (ره) نے بهی سوره بقره کی آیت ۱۷۸ کی توضیح میں اس طرح ذکر کیا هے : مذکوره آیت ، آیت شریفه (النفس بالنس) کی نسبت تفسیر کا حکم رکهتی هے) یعنی یه بهی اس کے مبین هونے کے قائل هیں (الانثی بالانثی) نتیجتاً مرد اور عورت کے خوں بها کے درمیان مساوات کو قبول نهیں کرتے ، بلکه سنتی فقه کے مطابق کهتے هیں (مرد کا عورت کے قتل کرنے کی صورت میں قصاص کیا جاسکتا هے بشرطیکه مقتوله کے اولیاء سے مرد کا باقی

مانده نصف دیا لے لیا جائے) که ناسخ ھے نه مبین ؛ اولاً پوری تاریخ میں موافق نھیں کسی مفسر کی نظر سے - ثانیاً : اگر ھم بھی مذکورہ قول کو مان لیں تو قرآن میں تناقض کے قائل ھوئے ھیں – جبکه قرآن کے شرعی احکام کے درمیان کسی صورت کوئی تناقض نھیں ھے کیونکه (النفس بالنفس) دونوں ھی صورتوں میں شریعت توریت کے حکم کا اطلاق یا تبیین ھے – اگرچه اطلاق کی صورت میں (الانثی بالانثی) کے ذریعه نسخ ھو جاتا ھے - بھر حال آپ مفسر سے گفتگو کر رھی ھیں اور مفسر قرآن کو صرف قرآن کا تابع ھو نه کسی دوسرے مفسر کا اگرچه گذشته دو جوابات میں نحوی اور منطقی استدلال کے ساتھ عربی ادب کی بنیاد پر ھم نے آپ کا جواب دیا ھے ، لیکن آپ استدلال پر توجه کرنے کے بجائے دربارہ گذشته مطالب کی تکرار کر رھی ھے که اس مورد میں عربی ادب کے ماھر علما فیصله کریں . ھم یھاں پر بھی اختصار سے عرض کریں گے : ھاں ! اس کے علاوہ ھے جو آپ نے بیان کیا ھے ، کیونکه (الانثی بالانثی) (النفس بالانفس) کا مبین یا ناسخ ھے

جواب (۲ – ب) کا جواب : اولاً یھاں پر آپ نے کھا ھے : (خلقکم من نفس واحدہ) پیغمبر(ص) اور سلمان (رض) کا نفس برابر ھے .

جواب : اولاً عربی ادب کے مطابق (نفس واحدۃ) ایک فرد انسان کی ھے ؛ ثانیاً انسانوں کا ایک فرد سے پیدا ھونا نفوس کا ایک دوسرے کے برابر ھونے پر دلیل نھیں ھے مثلا بجلی سنٹر میں جنیٹر کے ذریعه پانی سے بجلی تیار کرنا که پانی سے بجلی تیار ھونا پانی اور بجلی کے مساوی ھونے پر دلیل نھیں ھے ؛ ثانیاً : ھاں ! مرد کا مرد سے قصاص صحیح ھے لیکن کتاب و سنت کی قطعی دلیلوں کے مطابق عصمت غلط فھمی کا نشانه بنتا ھے –

جواب (۳ – الف) کا جواب : اگر اتفاق سے استثنائی طور پر عورت کی اقتصادی اھمیت زیادہ ھے تو یه اس کے کام کی اھمیت کے لحاظ سے ھے نه تولید مثل کےلحاظ سے اور تولید مثل کی اھمیت کام کی اھمیت سے کھیں زیادہ ھے آخر کار مرد حضرات نوعاً اھمیت کے لحاظ سے (تولید مثل (۲) تولید اقتصادی – ۳) خانوادہ کا ادارہ) کے لحاظ سے عورتوں پر برتری رکھتے ھیں اور یه جماعت بالخصوص تولید مثل کے مرد میں قابل استثنا ء بھی نھیں ھے اور دوسرے دو مورد میں اکثریت مطلق حاکم ھے متقابل سوال کا جواب : ھاں ! کوئی تبدیلی نھیں ھوگی کیونکه اصلی معیار تولید مثل ھے اور کبھی بھی مرد و عورت کی تولید مثل یکساں نھیں ھوگا .

اس وقت آپ کا(اگر) احاله محال ھے کیونکه مرد اور عورت کی زندگی کے دسیوں سال گذر رھے ھیں اور آج بھی یھی تصور ھے که مرد اور عورت دونوں ھی اقتصادی تولید میں یکساں اور برابر ھیں ، حقیقت کا روپ نه دھا ر سکا اور اگر واقع بھی ھو تو پھر بھی ھم یھی کھیں گے که تولید مثل میں مرد اور عورت برابر نھیں ھیں اور قانون قصاص میں کوئی تبدیلی واقع نھیں ھوگئی.

جواب (۴ – الف) کا جواب: آپ دلیلوں کے ساتھ ھمارا جواب دیجے حق قبول کرنے کے لئے حصه الف کی جانب رجوع کرنا تکرار ھے – اگر آپ کر سکتے ھیں تو (النفس بالنفس) کی سنخیت کا اثبات کریں ورنه (الانثی بالانثی) کا حکم واضح ھے اور یه ھماری تفسیر نھیں ھے بلکه خداوند عالم کا یھی فرمان ھے

جواب (ہ- الف) کا جواب : آپ ایک مسلمان عورت کے عنوان سے اگر واقعاً قرآنی حکم کے تابع ھیں تو اسی ایک چھوٹی سے آیت یعنی (الانثی بالانثی) که شریعت قرآن کا ایک حکم ھے آپ حکم خدا سے مطمئن ھو سکتے ھیں – اور خوب بھا کی مقدار بھی پیغمبر کی سنت قطعیه سے استخراج کیجئے بنا بر این اطمینان کرنے کی راہ بھت ھی آسان ھے اگر آنکھ کھلی رکھیں اور تعصب سے ھٹ کر قرآن اور سنت پر نظر ڈالیں –

۱۱رویں جواب کا جواب: آیه (ان خفتم الآ تعدلوا فواحدۃ) حکم ھے اور موضوع کے بغیر کسی حکم کا ھونا کوئی معنی نھیں رکھتا ؛ کیونکه مرد اور عورت دونوں کی تعداد برابر ھوتو تعداد ازدواج کی تجویز کا حکم سر سے غلط ھے اور سورہ نساء کی ۱۲۹ ویں آیت میں بھی تعداد ازدواج موضوع ھے وھی تعداد جو سابق الذکر آیت میں تجویز ھوا ھے – لیکن اگر عدالت ھر چیز میں ھے تو محال ھے اور دونوں آیت کے موضوع کے خلاف ھوگا - - اس بنا پر (لن تستطیعوا ...) سے وہ عدالت مراد ھے جو امکان پذیر نھیں ھے اور وہ عدالت محبت میں ھے که خود ھی اس بات کو بیان کر رھی ھے کیونکه فرمایا : (

فلا تمیلوا کل المیل) یعنی بعض بیویوں سے ساری محبت نہ چھین لو کہ (فتذروھا کالمعلقه) گویا کہ وہ شوھر رکھتی ھی نھیں بلکہ بعض تعلقات کہ باطنی تعلق اور محبت ھے اور اس میں مساوات کا امکان بھی نھیں ھے سلب ھو جاتے ھیں اور باقی تعلقات اپنی جگہ پر باقی رھتے ھیں -

آخر کار چونکہ آیت کا پوری تاریخ میں تمام مردوں سے خطاب ھے ، بنا برایں قرآن کی شمارش کے مطابق عورتوں کی تعداد مردوں سے زیادہ ھے ورنہ خداوند متعال کا قول (نعوذ باللہ) جھوٹا (ھوگا) – جبکہ قرآن خدا کے فرمان کے بارے میں کھتا ھے : (ومن اصدق من اللہ حدیثاً) سورہ نساء آیہ ۷۸) اس وقت اگر تمام مرد شرائط عدالت کی رعایت نہ کر سکے اور ان میں سے بعض عدالت کی رعایت کرنے کی صلاحیت رکھتے ھیں یھی بعض کافی ھے کہ عورتوں کی تعداد مردوں سے زیادہ ھے اور عدالت کا مسئلہ اس چیز میں کہ عورتوں کی نسبت محال نھیں ھے جیسے اور ھمبستری وغیرہ خود ایک اھم ورزشکار ھے خانوادہ میں عدالت کا استحکام بر قرار کرنے کے لئے کہ اجتماعی کی بنیاد ھے تاکہ عورت اور مرد میں سے عادل ترین افراد کی پھچان ھو نتیجتاً عدالت کی شرط سے تعداد ازدواج کی تجویز تمام اسلامی معاشرہ میں عدالت کی بنیاد کو مضبوط بنایا ھے جو حاکمیت اور سیاست اور اقتصاد سب میں عدالت کو شامل ھے . پس جیسا کہ ملاحظہ ھوا (ناقص تحقیق کی بنیاد پر انسانی مردم شماری) اور علم الھی سے ماخوذ تعداد کے درمیان تضاد پایا جاتا ھے

۱۲ویں جواب کا جواب: یھاں پر دو مطلب لکھا گیا ھے : پھلا یہ کہ سورہ زمر کی آیت ۶ کا ترجمہ جو ان کے مقالہ میں ذکر ھوا ھے وہ ایک دوسرے شخص سے مربوط ھے جبکہ دوسری آیت میں واضح الفاظ میں ذکر کیا ھے کہ (وہ ھے جس نے تم کو ایک مرد سے خلق کیا ھے) اور اس بات پر کوئی قرینہ بھی نھیں پایا جاتا کہ مذکورہ تینوں آیتوں کا ترجمہ خود ان کی طرف نہ ھو ؛ کیونکہ اس کے بعد اس طرح استدلال کیا ھے کہ (مجموعاً ان تینوں آیتوں سے نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ھے ... یھاں پر کھنا چاھیے کہ اگر تیسری آیت کا ترجمہ قبول نھیں کرتے تو پھر دوسری آیت کے بارے میں کیا کھیں گے ؟ اور اگر متن ترجمہ ان کا نھیں ھے تو پھر انھوں نے متن میں یا مقالہ کے حاشیہ میں اس کی طرح اشارہ کیوں نھیں کیا ؟ آخر کار ان کے مقالہ کے قارئین کی ذمھداری کیا؟ مقالہ کی عبارت ان کی سمجھیں یا کسی اور کی؟ کیا بحث کا یہ طریقہ روشن فکری کا غماز ھے کہ جب بھی کسی بحث میں غلطی کی جائے تو اس کو صحیح کرنے کے بجائے اپنے نوشتہ کو کسی قرینہ کے بغیر کسی دوسرے کی طرف نسبت دیدیں؛ البتہ ممکن ھے آیت کا ترجمہ کسی دوسرے شخص کا ھو لیکن مقالہ پڑھتے وقت کوئی اس بات کی طرف متوجہ نھیں ھوتا –

ثانیاً آیہ کریمہ (خلقکم من نفس واحدۃ) (نفس واحدۃ) مفرد اور مذکر ھے کیونکہ وہ آیات جو حضرت آدم(ع) کو انسانوں کی پیدائش کا سرچشمہ اور اصل بتاتی ھیں (نفس واحدۃ) مذکر ھوگا چونکہ آدم مذکر ھے چنانچہ قرآن کریم کی پانچ آیتوں میں خلقت بشر کی ابتداء مٹی بتائی گئی ھے اس کے بعد آیہ سورہ آل عمران کی ۵۹ ویں آیت میں ارشاد ھوتا ھے : (ان مثل عیسی عند اللہ کمثل آدم خلقوہ من تراب) پس ھم ملاحظہ کرتے ھیں کہ (لانفس واحدۃ) آدم مذکر ھے : ثالثاً کسی صورت یہ احتمال نھیں دیا جائے گا کہ پھلا نفس مونث ھو کیونکہ (وقلنا یا آدم اسکن انت و زوجک الجنۃ) سورہ بقرہ . آیت ۳۵) یا آدم اسکن انت و زوجک الجنۃ) سورہ اعراف ؛ آیت ۱۹ (زوجک) آدم کی زوجہ اور مونث ھے اور آیت (فقلنا یا آدم ان ھذا عدو لک و لزوجک) سورہ طہ ؛ آیت ۱۱۷) بھی کلمہ زوج کے مقارن ھونے کی وجہ سے زوجہ کے معنی میں ھے -

رابعاً اگر پھلا نفس مونث رھا ھو تو ان ھشتگانہ آیتوں کے بجائے جن میں لفظ (بنی آدم) ذکر ھوا ھے کے بجائے (بنی حوا) نازل ھونا چاھیے تھا .

(جواب ۱۲ – ج و د) کا جواب : اب ان سے ان کا جوڑا پیدا کیا) اس معنی کی تائید کرتا ھے ، اور قرآن کے مطابق ھے اور یھاں پر آپ کے دقیق عربی ادب کی جانب توجہ کی حکایت کرتا ھے (من) کو بیانیہ نھیں مانتے بلکہ اسے تبعیضیہ کھتے ھیں اور (ان کی ے) کے معنی کو غلط اور (اس کے) کو صحیح مانتے ھیں اور ساری بحث بھی اسی نکتہ پر ھے کہ آدم کی بیوی ان سے خلق ھوئی ھیں اور جو یہ کھا ھے کہ زوج عربی زبان میں مرد اور عورت دونوں کے لئے استعمال ھوتا ھے ، صحیح ھے لیکن جملہ میں اس کے استعمال کی نوعیت اھمیت رکھتی ھے کہ اگر اس سے پھلے لفظ مذکر ذکر ھوا تو زوج مونث ھوگا اور اس کے برعکس بھی زوج (مذکر) ھوگا ضمنی طور پر یہ بھی معلوم نھیں ھے کہ : اس

جملہ سے آپ کا مراد کیا ھے کہ آپ نے کہا ھے کہ خوش قسمتی سے وہ تمام آیات جن میں زوجیت کا ذکر ھوا ھے ان میں کفویت اور ھمسیری کا بھی ذکر ھوا ھے کیونکہ زوجیت کے دو پھلو ھیں :

١- زوجیت تکوینی (ومن کل شئ خلقنا زوجین) یعنی خدا نے جوڑوں کو کفو پیدا کیا -
٢- زوجیت تشریعی کہ مرد اور عورت دونوں کفو بھی ھوں اور مذکورہ دونوں پھلووں کے لحاظ سے کسی ایک میں بھی تساوی مطلق کا معنی نھیں نکلتا کہ مثلاً عورت ، مرد ھوں اور مرد عورت یا دونوں مرد ھوں یا دونوں عورت بلکہ کفو ھونا یعنی یہ کہ مرد اور عورت ازدواجی زندگی گذارنے کے لئے ایک دوسرے کے لئے مناسب ھوں اور یہ تناسب تمام ابعاد میں تساوی کا لازمہ نھیں ھے جیسا کہ زوج کی ھر کلید قفل ھے کیا آپس میں یکسا ں ھیں ؟

جواب (١٢ – ھ) کا جواب : اب میں آپ کو برادرنہ نصیحت کرتا ھوں کہ آپ نے اپنا خط تمام کرنے کے لئے مناسب طریقہ نھیں اپنایا ھے اور واضح طور پر (شکست) کی داستان اپنی دعا میں رکھ دی ھے کیا دو مسلمان کی قرآن کی آیتوں کے بارے میں بحث (جنگ) کے عنوان سے قلمداد ھو سکتی ھے یا یہ کہ اس سے مراد خداوند عالم کی رضا تک پھونچنا ھے ؟ کیا بھتر نھیں تھا کہ آپ اس طرح دعا کرتیں : خدایا ! مجھے اس طرح کشادہ دلی اور عقل میں وسعت عطا کر حقیقت کی شرینی محسوس کروں – بھر حال دعا میں آپ کا لحن معین قصد سے خالی نھیں ھے کہ آپ خود بھی اس سے آگاہ ھیں اور شاید علامہ طباطبائی جیسے عظیم الشان مفسر (تفسیر (الفرقان) کے سلسلہ میں آپ کے رویہ کو بدل ڈالے انھوں نے تفسیر الفرقان کی پھلی جلد کے آغاز میں اس طرح مرقوم فرمایا ھے : تفسیر شریف کا بیان فرقان کی نظر نواز ھوئی ایسی کتاب ھے جو نور چشم کا باعث اور اھمارے افتخار کا سبب ھے آخر میں ایک بار پھر اعلان کرتے ھیں کہ نا چیز قرآن ھجور اور سنت مظلوم کے سلسلہ میں تمام سوالات کے جوابات دینے کے لئے آمادہ ھے . البتہ ابتک کبھی بھی (گذشتہ نصف صدی کے دوران) علمائے شیعہ اور سنی سے جو میری گفتگو ھوئی ، شکست نھیں کھائی اور وہ لوگ بھی میری کسی کتاب کے بارے میں اور اس سے زیادہ بھی کوئی تنقید نہ کرسکے – خیر ایک مورد کے کہ نماز مسافر کے بارے میں تین صفحہ خطہ کے ساتھ ارسال کیا.

(مذکورہ بالا تنقید پے در پے تین خطوط پر مشتمل تھی جس کا ھم نے تحریری مناظرہ کی شکل میں جواب دیا ھے البتہ وھاں پر ملاحظ کریں گے کہ ناقد نے بحث کو ادھورا چھوڑا دیا ھے – قارئین محترم (نگرش جدید پر نماز و روزہ مسافران) نامی کتاب کی جانب رجوع کر کے مطبوعہ تھران، ناشر امید فردا، ٹیلیفون ٦٦٩١٣٥٦٨- مذکورہ تنقید کی عبارت اور نقاد کا جواب (نماز مسافران) سے متعلق تحریری مناظرہ کا مطالعہ فرمائیں -)

مذکورہ کتابوں میں فقہ، فلسفہ، اصول، منطق، رجال، حدیث، عرفان وغیرہ کی اساسی بنیادوں کو صرف کتاب اور سنت کی روشنی میں نقد و بررسی کی ھے – اس خصوصیت کے ساتھ (جیسا کہ ھم نے بارھا مختلف حلقوں میں اعلان کیا ھے) اس سے متعلق علمائے شیعہ اور سنی سے ایک ایک کر کے مناظرہ کرنے کی درخواست کی ھے اسلامی دلیلیں صرف اور صرف کتاب اور سنت میں منحصر ھیں – اور اجماع، عقل ، قیاس، استحسان، استصلاح وغیرہ کو کتاب و سنت کے ساتھ ساتھ کسی عنوان سے فقھی دلیل قرار دینا میں شارع کے لئے جانتا ھوں آیہ کریمہ (ولا یشرک فی حکمہ احداً) کی نص کے مطابق ، کیونکہ احکام الھی یا قرآن میں ذکر ھوئے ھیں یا پیغمبر(ص) کی سنت میں لھذا علماء کبھی بھی اجماع ، عقل وغیرہ کے ذریعہ تشریع (قانون گذاری) یا حکم شرعی دریافت کرنے کا حق نھیں رکھتے بلکہ سب کو تابع بلکہ کتاب اور سنت قطعیہ کا ناقل ھونا چاھیے نہ یہ کہ اپنے درمیان مشھور نظریات کو شرع کی طرف منسوب کریں

قابل ذکر بات: اس کتاب کی طباعت کے وقت تک خانم مھندس ژیلا موحد شریعت پناھی یا دیگر ناقدین کا کوئی خط موصول نھیں ھوا کہ یہ خود ھی ان کے قبول کرنے یا ان کے لا جواب ھونے کی دلیل ھے .

خدا وند عالم آپ کو خالصانہ بندگی کی توفیق عطا فرمائے !

(وآخر دعوانا أنن الحمد اللہ رب العالمین)

قم المقدسه – جامعۂ علوم القرآن

محمد صادقی تهرانی – ۹-۳ ۱۳۷۵) ه ش)

عورتوں کے عدلیه مرکز تحقیقات کی درخواست پر اقوام متحده کے عموعی مجموع میں منظور شده عهد نامه سے متعلق آیۃ الله العظمی صادقی تهرانی کے جواب کی عبارت – (جوڈیشیل(عدالتی) مطالعاتی مرکز) اقوام متحده کے عمومی مجموع میں منظور شده معاهده سے متعلق عورتوں کے خلاف تفریق کو ختم کرنے کی غرض سے میں آپ کی خدمت میں پیش کر رها هوں –

مردوں اور عورتوں کے تمام حقوق جو ان کی عفت اور پاکدانی یا ان سے مخصوص حالتوں کے مخالف نه هو تو دونوں هی کتاب اور سنت کی روشنی میں مشترک انسانیت کا تقاضا هے که زندگی اور زندگی ساز عادلانه حقوق میں مشترک هوں البته ان حقوق کی تین قسمیں هیں :

۱- مردوں اور عورتوں کے درمیان حقوق ان کے کام ، فکر اور سر گرمی کی اهمیت کے اعتبار سے که مرکز حقوق انسانی اشتراک کے اعتبار سے هے .
۲- مردوں کے مخصوص حقوق جنسی اور مردانگی قوت کے لحاظ سے که عورتوں کے خلاف هر گز کوئی تبعیض نهیں هے .
۳- عورتوں سے مخصوص حقوق بهی اسی میزان پر هیں اور مردوں کے خلاف هر گز کوئی تبعیض نهیں هے – بنا بر اس مخصوص حقوق میں مرد اور عورت میں سے هر ایک اپنے انفرادی اور اجتماعی مصلحت کی بنیاد پر اپنے مناسب حقوق سے استفاده کرتے هیں – چنانچه مشترک حقوق میں بهی هر فرد صرف اپنی کوشش کے بقدر استفاده کرنے کا حق رکهتا هے .

ماده ۱ پر تنقید : جنسیت کے فرق کی بنیاد پر امتیازی وجه خود ایک عادلانه وجه هے که اس کا انکار طرفین کی نسبت نا انصافی هے ؛ یعنی عورتوں کے خصوصیات کو مردوں پر اور مردوں کے عورتوں پر حمل کرنا دونوں پر ظلم هے اور انسانی حیات بخش آزادی، عورتوں کے عفت کی رعایت کرنے میں مشترک هے که سیاسی، ثقافتی ، سماجی، اقتصادی ، شهری اور حقوقی میدانوں میں مشترک هیں .

ماده ۲ کی تنقید : یه ماده وه اپنے تمام موارد میں عورتوں کے خلاف ساری تبعیض کو نسخ کرنے کی بنیاد پر هے ؛ جبکه بعض تبعیضات که ان کے خلاف میں شمار هوتی هیں ، در حقیقت ان کے خلاف نهیں هے : اگرچه ان کے نفع میں نه هو جیسے سزائی قانون – جبکه عورت کا خون بها مرد سے کمتر هے البته روحی کمی کے لحاظ سے نهیں هے بلکه اس جهت سے هے که عورتوں کی تعداد مردوں سے زیاده هے اور مردوں کی تولید مثل کی صلاحیت اور اقتصادی امور میں اداری ذمه داری عورتوں سے زیاده هے بنا بر این عورتوں کی جسمانی اهمیت کم از کم مردوں کے نصف هے بالاخر مردوں اور عورتوں کے درمیان برابری قابل قبول نهیں هے جیسے عورتوں کی میراث که مردوں کے نصف هے البته تمام میراث سے اور ظاهری تبعیض هے در حقیقت واقعی تبعیض نهیں هے ؛ کیونکه هر گهر انے کے مرد همیشه نان و نفقه کا بندوبست کرتے هیں اور عورتیں نفقه لیتی هیں – بنا یریں اسلام میں عورتوں کے حقوق کی مردوں سے زیاده رعایت کی گئی هے اور بهت کم موارد میں عورتوں کی میراث کی ۳/۱ مال کی وصیت سے تلافی هوتی هے –

ماده ۱۰ کی تنقید – الف : کام اور حرفت سے متعلق مساوی شرائط اس صورت میں صحیح هے که عورتوں کی ازدواجی زندگی جسمانی پوزشن اور عفت و طهارت سے منافات نه رکهتے هوں ؛ جیسا که مرد کے شغل اور حرفت میں بهی ایسا هی هے ڈاکٹری عورت کے لئے اور اسی طرح مرد کے لئے کسی سے کوئی تناسب نهیں رکهتا بالخصوص مرد کا عورت کے لئے نرس کا پیشه یا مخالف جنس کا اپریشن کرنا –

عورت کو ایجوکیشن جو شهوانی اور جنسی رابط کا سبب هے شریعت حتی صحیح و سالم عرف کے نزدیک ممنوع هے -

ورزش میں ایک جیسے وسائل اس وقت صحیح ھیں جب اختلاط کی صورت میں انجام نہ پائیں اور ھر ایک کی بنیاد سے مناسبت رکھتے ھوں .

نقد مادہ ۱۱ (ب) دیگر اس کے مانند مواد کہ پھلے بیان ھوچکے ھیں اور تکرار کی ضرورت نھیں ھے

مادہ ۱۳ – ح کی تنقید : تفریحی سر گرمیوں اور مرزش کے مختلف شعبوں میں شریک ھونے کا اس وقت حق ھے جب مرد اور عورت کا اختلاط نہ ھو اور عورتوں کی عفت کا تحفظ ھو چنانچہ تمام مواد میں اس اصل کی مکمل رعایت ھونی چاھیے

مادہ ۱۶ – ب پر تنقید : مھر اور نان و نفقہ دینا صرف مردوں کی ذمہ داری ھے و(و) مشابہ اور حضانت کا حق تنھا اس صورت میں مشابہ کی صلاحیت میں ھے کہ اگر سر پرستی اور حضانت کا حق ماں اور باپ میں سے اس کو حاصل ھوگا جو فرزند کے لئے زیادہ مصلحت کا حامل ھوگا – اسے ... دی جائے گی اور اگر اصولی طور پر حضانت اور سر پرستی فرزندہ کے مصلحت میں کسی ایک سے مخصوص ھو تو پھر دوسرا حضانت اور سر پرستی کا حق نھیں رکھتا صرف فرزند سے ملنے جلنے کا مشابہ حق رکھتے ھیں اگر فرزند کو گمراہ کرنے والے نہ ھوں –

نقد مادہ ۱۶ – (۲) ثابت ازدواج اگرچہ رسمی اور قانونی دفاتر میں درج نہ ھو ، شرعی اور قانونی ھے اور دفاتر میں اندراج کرنا صرف طرفین کے حقوق کے تحفظ کے لئے اور صرف طرفین کا زوجیت کے سلسلہ میں اعتراف یا کسی ایک فریق کا زوجیت کے گواہ پیش اثبات میں کرنا کافی ھے . مگر مناسب قسم کے ذریعہ کہ اس گواھی کو رد کر دے

آخر کار مرد اور عورت کے بین الاقوامی حقوق کی دونوں کی حدود مصلحت میں کتاب اور سنت کی روشنی میں زیادہ رعایت ھوتی ھے اس علاوہ ھر ایک کے اختصاصی حقوق کی رعایت بھی کی گئی ھے کہ ھر ایک کے حق میں دوسرے کے خلاف نھیں ھے بلکہ اس کے نفع میں بھی ھے – چنانچہ مردوں اور عورتوں کے حقوق پر مشتمل کتاب قرآن مجید کا ارشاد ھوتا ھے : (ولھن مثل الذی علیھن بالمعروف مذکورہ بحث کی مکمل وضاحت (تبصرۃ الفقھاء بین الکتاب والسنۃ) کتاب اور اس کتاب میں ملاحظہ کریں گے

والسلام علی عباد اللہ الصالحین

حوزہ علمیہ قم – جامعہ علوم القرآن

محمد صادقی تھرانی – ۱۳۷۶/۷/۷.